Email- info@awamilakaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | جمعرات ، 12 نومبر 2026ء ،یکم جمادی الثانی 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 198

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی وہ فورم ہے جہاں پارلیمان کا عوامی خزانے پر اختیار عملی شکل اختیار کرتا ہے ،قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خاں

قواعد کو 1973ء کے آئین کی روح کے مطابق ڈھالنا ناگزیر ہے

مؤثر پارلیمانی نگرانی کے لیے قواعدِ انضباطِ کار میں اصلاحات ضروری ہیں، قائم مقام گورنر پنجاب کا اسلام آباد میں یو‌ایس‌ایف کے تعاون سے منعقدہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹیوں کی قومی ورکشاپ سے خطاب

قومی ورکشاپ میں مالیاتی شفافیت اور پارلیمانی احتساب کے نظام کو مضبوط بنانے پر غور کیا گیا،1973ء کے آئین اور قواعدِ انضباطِ کار میں عدم ہم آہنگی کا انکشاف



اسلام آباد: قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خاں یو‌ایس‌ایف کے تعاون سے منعقدہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹیوں کی قومی ورکشاپ سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور (این ای این) قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خاں نے کہا ہے کہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی وہ فورم ہے جہاں پارلیمان کا عوامی خزانے پر اختیار عملی شکل اختیار کرتا ہے، 1973 کے آئین نے پارلیمان کو جو جمہوری کردار دیا، قواعدِ انضباطِ کار اس سے پوری طرح ہم آہنگ نہیں ہو سکے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں یو‌ایس‌ایف کے تعاون سے منعقدہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹیوں کی قومی ورکشاپ (بقیہ نمبر 1)

لکی مروت کے شہری کا اسلام آباد کا ڈومیسائل بنانے کی ہدایت

یہ کیا طریقہ ہے، نواب کے بچوں نے خود آنے کے بجائے کلرک بھیجا

ڈی سی آیا، نہ سپرنٹنڈنٹ نہ اے سی، بلالیں ڈی سی کو، چیف جسٹس

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے لکی مروت کے شہری حماد اللہ کی اسلام آباد کے ڈومیسائل بنوانے کی درخواست پر ساعت کے دوران ڈی سی آفس کو 5 روز میں شہری کا ڈومیسائل بنانے کی ہدایت کر دی۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کلرک (بقیہ نمبر 3)

پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں کمی کا اعلان

مختلف ٹرانسپورٹ کمپنیوں نے سو روپے تک کرائے مزید کم کر دیئے، گڈز ٹرانسپورٹ کے کرائے بھی کم ہو گئے

لاہور (این این آئی) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کے بعد پبلک ٹرانسپورٹرز نے کرایوں میں کمی کا اعلان کیا ہے۔ مختلف ٹرانسپورٹ کمپنیوں نے 100 روپے تک کرائے مزید کم کر دیے۔ گڈز ٹرانسپورٹ کے کرائے بھی (بقیہ نمبر 36)

خاتون اینکر ربیعہ احسن قتل کیس کی تحقیقات میں اہم پیشرفت

مقتولہ کے دونوں موبائل فونز کا ابتدائی تجزیہ مکمل کر لیا گیا، فونز پر کوئی پاس ورڈ یا لاک کوڈ موجود نہیں تھا

راولپنڈی (این این آئی) خاتون اینکر ربیعہ احسن کے قتل کیس کی تحقیقات میں اہم پیش رفت سامنے آ گئی۔ تفتیشی ذرائع کے مطابق مقتولہ کے دونوں موبائل فونز کا ابتدائی تجزیہ مکمل کر لیا گیا ہے، ربیعہ احسن کے دونوں (بقیہ نمبر 35)

ڈسمبر اور جنوری کیلئے ایل این جی کی مہنگی بولیاں مسترد

پاکستان ایل این جی لمیٹڈ نے دونوں مہینوں کیلئے 2 اسپاٹ ایل این جی کارگوز کی بولیاں طلب کی تھیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ایل این جی لمیٹڈ (پی ایل ایل) نے دونوں مہینوں کے لیے 2 اسپاٹ ایل این جی کارگوز کی بولیاں طلب کی تھیں، پاکستان نے ڈسمبر اور جنوری میں ایل این جی سپلائی کے لیے موصول ہونے والی مہنگی بولیاں مسترد کر (بقیہ نمبر 34)

چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف کی زیر صدارت پارک انکلیو میں ایک کھلی کچہری کا انعقاد



انقرہ: اٹلی میں کوپ 31 کے موقع پر وزیراعظم محمد شہباز شریف کا عالمی قائدین ہمراہ گروپ فوٹو

سی ڈی اے کا بڑا اقدام پارک انکلیو میں کھلی کچہری

پارک انکلیو میں جدید سالڈ ویسٹ مینجمنٹ سروسز کے تحت صفائی کو یقینی بنایا جائے اور فیز 1 میں سیکیورٹی مضبوط کرنے کے لیے باؤنڈری وال کی فوری مرمت وتعمیر کی جائے

فیز 2 اور 3 میں بجلی کی فراہمی، سیوریج اور واٹر سپلائی کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے، بی یو پی (BUP) کے مسئلے کا فوری سدباب کرنے اور فیز 3 میں باقی ماندہ تمام ترقیاتی کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی سخت ہدایت کی

کمرشل ایریا کی جدید کاری، بلیوارڈ سروس روڈز پر اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب اور علاقے کے انتظامی امور کی بہتری کے لیے مقامی رہائشیوں پر مشتمل ایک خصوصی کمیٹی تشکیل دینے کا بھی فیصلہ کیا گیا

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین نیشنل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے پارک انکلیو میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ جسمیں ممبر اسٹیٹ محمد زمان وٹو، ممبر بلڈنگ عصمت شریف ڈھلوں، ممبر انوائرمنٹ عبداللہ خرم نیازی، متعلقہ ڈائریکٹر جنرلز، دیگر متعلقہ سینیر افسران سمیت شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ کھلی کچہری کے انعقاد کا مقصد پارک انکلیو کے الاٹیز اور رہائشیوں کی آراء اور انکے مسائل سننا تھا۔ اس موقع پر پارک انکلیو کے رہائشیوں نے باؤنڈری وال کی مرمت، صفائی کے نظام، پبلک پارکس، سیکورٹی، پارک انکلیو فیز ٹو تھری میں بجلی کی فراہمی اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق اپنے مسائل چیئرمین سی ڈی اے کے سامنے رکھے (بقیہ نمبر 6)



چیئرمین نیشنل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف پارک انکلیو میں کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

سالک حسین کی گفتگو سے لگ رہا وہ اپنے حواس کھو بیٹھے ہیں، عظمیٰ بخاری

ٹی وی پر بھاشن مت دیں، استعفے دیں اور اپوزیشن میں بیٹھیں آپ کو آٹے دال کا بھا معلوم ہو جائے گا

چودھری خاندان کی وضع دار سیاست کو دو نالائق بچوں نے نقصان پہنچایا، صوبائی وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ سالک حسین کی گفتگو سے لگ رہا وہ اپنے حواس کھو بیٹھے ہیں، چودھریوں کے خاندان کو پہلے امتحان میں مونس نے ڈالا دوسرے امتحان میں سالک نے ڈال دیا ہے۔ اپنے بیان میں صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ چودھریوں کی وضع دار اور رکھ رکھاؤ والی سیاست کو ان دو نالائق بچوں نے بہت نقصان پہنچایا ہے، جس شریف (بقیہ نمبر 5)

30 ویں چیف آف دی نیول اسٹاف گالف چیمپئن شپ کا آغاز

ہول اِن ون کرنے والے گالفر کو لگژری گاڑی دی جائے گی

کراچی (این این آئی) 30 ویں چیف آف دی نیول اسٹاف گالف چیمپئن شپ کا کراچی گالف کلب میں باقاعدہ آغاز ہو گیا۔ افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی کمانڈر (بقیہ نمبر 51)



لاہور: چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی مظہم اقبال سپرا، ماہانہ ریونیو اہداف کے بارے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کھلی کچہری، ایڈیشنل ڈائریکٹر عاطف نے شہریوں کے مسائل سنے

شہریوں کے مسائل کا بروقت حل اور انصاف کی فوری فراہمی اولین ترجیح ہے

اسلام آباد (این این آئی) این سی سی آئی اے لاہور میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں ایڈیشنل ڈائریکٹر عاطف امیر نے شہریوں کے مسائل سنے اور موقع پر احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی لاہور میں (بقیہ نمبر 52)

ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کیلئے قرض منظور کر لیا

قدرتی آفات سے نمٹنے ،ہنگامی تیاریوں کو بہتر بنانے کیلئے 50 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری

پاکستان کو قدرتی آفات سے سالانہ اوسطاً 2 ارب ڈالر کا نقصان ہوتا ہے، اے ڈی بی

اسلام آباد (این این آئی) ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کے لیے قدرتی آفات سے نمٹنے اور ہنگامی تیاریوں کو بہتر بنانے کے لیے 50 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دے دی۔ اے ڈی بی کے مطابق پروگرام کے تحت سیلاب، زلزلوں اور دیگر قدرتی آفات کے بعد فوری مالی وسائل کی فراہمی کا بہتر بنایا جائے گا۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کے مطابق پاکستان کو قدرتی آفات سے سالانہ اوسطاً 2 ارب ڈالر کا نقصان (بقیہ نمبر 45)



لاہور، صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین، ایرانی قونصل جنرل مہران مواحد فر سے مصافحہ کر رہے ہیں

فتح جنگ کے عظام عارف کا عالمی سائبر سکیورٹی مقابلے میں اعزاز

اسلام آباد (این این آئی) سائبر حملوں کا سراغ لگانے اور ان کے تدارک کے شعبے میں پاکستان کے لیے ایک اور اعزاز، فتح جنگ سے تعلق رکھنے والے ہونہار طالب علم عظام عارف نے چین میں منعقدہ عالمی سائبر سکیورٹی مقابلے میں تیسری پوزیشن حاصل کر لی۔ مقابلے میں 100 سے زائد ممالک کی 2 ہزار سے زیادہ یونیورسٹیوں اور اداروں سے تعلق رکھنے والے تقریباً 2 لاکھ 20 ہزار طلبہ اور اساتذہ نے (بقیہ نمبر 46)

چوہدری شافع حسین سے ایرانی قونصل جنرل کی الوداعی ملاقات

ایران کے سرمایہ کار زراعت، انرجی اور دیگر شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھائیں، صوبائی وزیر صنعت وتجارت

پنجاب میں سرمایہ کاری کے مواقع سے ایران کے سرمایہ کاروں کو بھرپور آگاہی دی جائے گی، ایرانی قونصل جنرل مہران مواحد فر

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سے ایرانی قونصل جنرل مہران مواحد فر نے الوداعی ملاقات کی۔ پیسک ہاؤس ڈیوس روڈ پر ہونے والی ملاقات میں پنجاب اور ایران کے مابین معاشی تعاون اور باہمی دلچسپی کے امور پر بات چیت ہوئی۔ ملاقات کے دوران لاہور میں امام خمینی ٹرسٹ ہسپتال کے قیام کے معاملے کا بھی جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر صنعت و (بقیہ نمبر 39)

لاہور میں الیکٹرک وہیکلز چارجنگ اسٹیشنز کی تعداد میں اضافہ

لاہور (این این آئی) لاہور شہر میں الیکٹرک وہیکلز چارجنگ اسٹیشنز کی تعداد میں اضافہ کر دیا گیا۔ لیسکو نے 1015 کلوواٹ لوڈ پر مختلف چارجنگ اسٹیشنز کو بجلی کے (بقیہ نمبر 38)

منشیات کے بین الاقوامی نیٹ ورک کیخلاف کریک ڈاؤن

2 نائیجیرین اسمگلر گرفتار، کوکین، آئس اور ویڈ سمیت 4 کلو سے زائد منشیات برآمد

راولپنڈی (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے جڑواں شہروں میں منشیات کے بین الاقوامی نیٹ ورک کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 20 نائیجیرین اسمگلرز کو گرفتار کر لیا۔ اے این ایف کے مطابق اسلام آباد اور راولپنڈی میں (بقیہ نمبر 37)

مسلح افراد کی پولیس اہلکاروں پر فائرنگ، ڈی ایس پی سمیت 12 اہلکار زخمی

کوہاٹ (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں غیر قانونی مائننگ کے خلاف آپریشن کے دوران مسلح افراد نے پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں ڈی ایس پی سمیت 12 اہلکار زخمی (بقیہ نمبر 40)

پشاور، اسسٹنٹ ڈائریکٹر نادرا کے قتل کیس میں مزید پیشرفت

فرار ٹارگٹ کلرز کے نام ای سی ایل میں ڈال دیے گئے ، پولیس افسر سمیت دیگر اداروں کو ملزمان سے مطلق آگاہ بھی کر دیا گیا۔ پولیس افسر کے مطابق سیف سٹی سے تمام روٹس کی فوٹیج حاصل کی گئی ہے جس کے مطابق واردات کے بعد ملزمان شہر کے سدرن روڈ سے فرار ہوئے۔ (بقیہ نمبر 41)

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے دوران اسسٹنٹ ڈائریکٹر نادرا کے قتل کیس کی تحقیقات کے مزید اہم پیشرفت سامنے آئی ہے۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد سمیع کے مطابق فرار ٹارگٹ کلرز کے نام ای سی ایل میں ڈال دیے گئے ، نادرا

صدر کے قافلے کی گاڑی ٹھٹھہ میں خراب ہونے کا انکشاف

ناکارہ اور خراب گاڑی صدارتی قافلے میں کیسے شامل ہوئی؟، رپورٹ

کراچی (این این آئی) صدر پاکستان کے دورہ ٹھٹھہ کے دوران صدارتی قافلے میں شامل گاڑی خراب ہونے کے واقعے کی اعلیٰ سطح پر تحقیقات کا حکم دے دیا گیا۔ اس حوالے سے آئی جی سندھ نے 3 رکنی کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ آئی جی سندھ کے حکم پر تشکیل (بقیہ نمبر 47)

اٹک میں جرائم کی شرح میں 30 فیصد سے زائد کمی ہوئی

پولیس میں کالی بھیڑوں کی کوئی گنجائش نہیں، ڈی پی او کیپٹن (ر) علی بن طارق

اٹک (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اٹک کیپٹن (ر) علی بن طارق نے کہا ہے کہ صحافت ریاست کا چوتھا ستون ہے، مثبت اور تعمیری صحافت نہ صرف اداروں کی اصلاح میں معاون ثابت ہوتی ہے بلکہ معاشرے میں بہتری لانے کا بھی ذریعہ بنتی ہے، صحافیوں کو چاہیے کہ وہ ذاتی پسند و ناپسند سے بالاتر ہو کر اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں ادا کریں اور تنقید برائے اصلاح کو اپنا صحافتی اصول بنائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں (بقیہ نمبر 48)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف جہلم کے سپورٹس کمپلیکس میں کھلاڑیوں سے اظہار شفقت کر رہی ہیں

صفائی کے ناقص انتظامات پر ڈپٹی کمشنر کا اظہار برہمی، فیلڈ سپروائزر معطل

اوکاڑہ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے صفائی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے گلاس فیکٹری کا دورہ کیا، جہاں صفائی کے ناقص انتظامات پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے سپروائزر کو معطل کر دیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ستھرا پنجاب (بقیہ نمبر 54)

قومی نصاب 2026 کے تحت درسی کتب کی تیاری

نیشنل بک فاؤنڈیشن کا پبلشرز اور مصنفین کیلئے رہنمائی سیشن کا انعقاد

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل بک فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام قومی نصاب پاکستان 2026ء کے تناظر میں درسی کتب کی تیاری سے متعلق پبلشرز اور مصنفین کیلئے تعارفی و رہنمائی سیشن منعقد کیا گیا جس میں نیشنل کریکولم کونسل ونگ، ماہرین تعلیم، نصاب اور درسی کتب کی تیاری سے وابستہ ماہرین اور متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ سیشن کا مقصد قومی نصاب کے مطابق معیاری، جدید اور طلبہ کی تعلیمی ضروریات سے ہم آہنگ درسی کتب (بقیہ نمبر 53)

بشریٰ بی بی اور عمران خان کی بہنوں کی رہائی ہو سکتی ہے، ثناء اللہ

لوگ ہر وقت اپنی سی وی لے کر بہترین متبادل بننے کی خواہش رکھتے ہیں تاہم اس میں کوئی برائی نہیں

حکومت کو کوئی خطرہ نہیں ،نئی سیاسی تبدیلی سے متعلق خبریں محض افواہیں ہیں، مشیر برائے سیاسی امور

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ سابق وزیراعظم عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی اور ان کی زیر حراست بہنوں کی رہائی ممکن ہے جبکہ خیبر پختونخوا میں نظر بند افراد کو بھی رہا کیا جا سکتا ہے، حکومت کا کسی کے خلاف انتقامی کارروائی کا کوئی ارادہ نہیں، پاکستان تحریک انصاف کے ساتھ کوئی بیک ڈور رابطے نہیں البتہ بعض لوگوں کے ساتھ کبھی کبھار دعا سلام (بقیہ نمبر 42)

وحدت سندھ مارچ کے سلسلے میں سندھ یونائیٹڈ پارٹی کی شاندار ریلی

سید زین شاہ کی قیادت میں کارکنوں کی بڑی تعداد میں شرکت، سندھ میں نئے صوبوں کے قیام کے خلاف شدید نعرے بازی

سیاسی جدوجہد ہمارا جمہوری اور آئینی حق ہے مقدمات درج کر کے یا مختلف ہتھکنڈوں کے ذریعے ہمیں ڈرایا دھمکایا نہیں جا سکتا

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) سندھ کی وحدت، قومی تشخص، تاریخی حیثیت اور صوبے کے عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے سندھ یونائیٹڈ پارٹی کی جانب سے وحدت سندھ مارچ کے سلسلے میں کندھ کوٹ میں مرکزی ریلی کے شرکاء نے سندھ کی وحدت برقرار رکھنے سید زین شاہ کی قیادت میں ایک شاندار احتجاجی ریلی نکالی گئی، جس میں سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے رہنماؤں، کارکنوں اور سندھ سے محبت رکھنے والے شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے سندھ کی وحدت، قومی شناخت (بقیہ نمبر 2) اور صوبے میں نئے صوبوں کے قیام کی کسی بھی کوشش کے خلاف شدید نعرے بازی کرتے ہوئے اپنے سیاسی مؤقف کا بھرپور اظہار کیا۔ شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سندھ کی تاریخی

ناجائز اسلحہ اور ایمونیشن سمیت 3 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف مختلف کارروائیوں کے دوران 3 افراد کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق کارروائیاں تھانہ وارث خان، آر اے بازار اور ٹیکسلا (بقیہ نمبر 44)

چیک ڈس آنر کیس میں مطلوب اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) نیٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق اشتہاری ملزم جولائی 2025ء سے پولیس کو مطلوب تھا، جسے نیٹاؤن پولیس نے ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلی جنس ذرائع استعمال کرتے ہوئے ٹریس کر کے گرفتار کیا۔

طلباء میں سائبر شعور اجاگر کرنا محفوظ ڈیجیٹل مستقبل کی ضمانت ہے

این سی سی آئی اے کا ویسٹ منسٹر اکیڈمی اسلام آباد میں سائبر آگاہی سیشن کا انعقاد

اسلام آباد (این این آئی) این سی سی آئی اے کا ویسٹ منسٹر اکیڈمی اسلام آباد میں سائبر آگاہی سیشن کا انعقاد کیا۔ سیشن میں سب انسپکٹر محبوب الٰہی نے لیکچر دیا۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے ویسٹ منسٹر اکیڈمی اسلام آباد میں سائبر کرائم آگاہی سیشن کا انعقاد کیا اور منصوبے کے تحت جاری ترقیاتی کاموں کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی (PHA) کے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ بیوٹیفکیشن سکیم کے تحت جاری کاموں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ (بقیہ نمبر 4) اساتذہ کو لیکچر دیا۔ انہوں (بقیہ نمبر 43)



امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر مری کا کشمیر پوائنٹ بیوٹیفکیشن سکیم اور باغ شہیداں کا دورہ

پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی کے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ بیوٹیفکیشن سکیم کے تحت جاری کاموں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے

مری شہر کی خوبصورتی میں اضافے اور ماحول کو دلکش بنانے کے لیے مختلف علاقوں میں موسمی پھول اور پودے لگائے جائیں

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے کشمیر پوائنٹ پر جاری بیوٹیفکیشن (تزئین و آرائش) سکیم کا تفصیلی دورہ کیا اور منصوبے کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی (PHA) کے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ بیوٹیفکیشن سکیم کے تحت جاری کاموں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ (بقیہ نمبر 4)

میت منتقلی کیلئے مختص ایمبولینسز تاحال غیر فعال

تین تحصیلوں کے شہری بنیادی سہولت سے محروم، چوآ سیدن شاہ، کلر کہار اور تلہ گنگ کے لیے ایمبولینسز کی فعالیت ٹریکر اور ڈیش بورڈ سسٹم سے مشروط

مزید ایک سے دو ہفتے انتظار کا امکان، ڈی سی چکوال اور اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

چکوال (خاور شہزاد سے) ضلع چکوال کی تحصیل چوآ سیدن شاہ، کلر کہار اور تلہ گنگ کے لیے حکومت پنجاب کی جانب سے میتوں کی منتقلی کی غرض سے مختص کی گئی ریسکیو 1122 کی ایمبولینسز تاحال فعال نہ ہونے کے باعث شہریوں کے لیے تشویش کا باعث بن گئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق چوآ سیدن شاہ اور کلر کہار کے لیے مختص ایمبولینسز تاحال ریسکیو 1122 کے دفتر میں کھڑی ہیں، جبکہ تلہ گنگ کے لیے بھیجی گئی ایمبولینس ہسپتال میں موجود ہونے کے باوجود سروس شروع نہیں کر سکی۔ (بقیہ نمبر 3)



لاہور: مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب علی ڈار لاہور گوگل اور ٹیک ویلی کے زیر اہتمام ڈیجیٹل صحافت ایمپیکٹ ایونٹ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کیلئے قرض منظور کر لیا

قدرتی آفات سے نمٹنے ،ہنگامی تیاریوں کو بہتر بنانے کیلئے 50 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری

پاکستان کو قدرتی آفات سے سالانہ اوسطاً 2 ارب ڈالر کا نقصان ہوتا ہے، اے ڈی بی

اسلام آباد (این این آئی) ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کے لیے قدرتی آفات سے نمٹنے اور ہنگامی تیاریوں کو بہتر بنانے کے لیے 50 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دے دی۔ اے ڈی بی کے مطابق پروگرام کے تحت سیلاب، زلزلوں اور دیگر قدرتی آفات کے بعد فوری مالی وسائل کی فراہمی کا بہتر بنایا جائے گا۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کے مطابق پاکستان کو قدرتی آفات سے سالانہ اوسطاً 2 ارب ڈالر کا نقصان (بقیہ نمبر 45)

دانش سکول جنڈ میں مبینہ بے ضابطگیوں کا معاملہ

سابق ایڈمن آفیسر کا شفاف انکوائری کا مطالبہ، اتھارٹی نے الزامات مسترد کر دیے

اٹک (این این آئی) دانش سکول (بوائز اینڈ گرلز) جنڈ کے سابق ایڈمن آفیسر میجر (ر) شوکت خٹک نے ادارے میں مبینہ انتظامی بے ضابطگیوں، امتحانات میں نقل اور مالی معاملات کے حوالے سے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے غیر جانبدارانہ اور شفاف (بقیہ نمبر 49)

اسلام آباد، خواتین کیلئے پنک الیکٹرک بس متعارف کرانے کا فیصلہ

پنک بس صرف ورکنگ ویمن، طالبات، بزرگ خواتین کیلئے مختص ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) ٹیکنیکل ڈیولپمنٹ اتھارٹی نے خواتین کے لیے پنک الیکٹرک بس متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ سی ڈی اے حکام کے مطابق پنک بس صرف ورکنگ ویمن، طالبات اور بزرگ خواتین کیلئے مختص ہوگی۔ حکام نے بتایا کہ (بقیہ نمبر 50)

لاہور: پنجاب یونیورسٹی کے پرووائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمود سلیم و دیگر کا لاہور کے دورے پر آئے گلوٹل فیمر پے فاؤنڈیشن کے وفد کے ہمراہ گروپ فوٹو

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

اشاعت خاص



پولیو سے پاک پاکستان کا خواب

13 اضلاع میں لاکھوں بچوں کی ویکسینیشن

والدین کا کردار سب سے اہم



تحریر: محمد عمران حیدر



پولیو سے پاک پاکستان کا خواب، 13 اضلاع میں بڑا حفاظتی آپریشن

پولیو ایک ایسی خطرناک اور متعدی بیماری ہے جو بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے دوچار کر سکتی ہے۔ اس بیماری کا بدقسمتی سے کوئی مؤثر علاج موجود نہیں، تاہم بروقت ویکسینیشن کے ذریعے بچوں کو اس مہلک مرض سے محفوظ رکھا جا سکتا ہے۔ پاکستان میں پولیو کا مکمل خاتمہ قومی صحت کے بڑے اہداف میں شامل ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے حکومت اور محکمہ صحت کی جانب سے مسلسل اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

نومبر کی انسدادِ پولیو مہم کا آغاز 2 نومبر سے ہوا، جو لاہور میں 8 نومبر تک جبکہ راولپنڈی سمیت پنجاب کے دیگر 12 اضلاع میں مہم چار روز تک جاری رہی۔ ان اضلاع میں خان، کوٹ ادو، لاہور، لیہ، میانوالی، ملتان، مری، مظفرگڑھ، راجن پور، راولپنڈی اور رحیم یار خان میں چلائی گئی۔

پنجاب بھر کے 13 اضلاع میں لوگوں کی آمدورفت زیادہ ہوتی ہے، وہاں خصوصی انتظامات کیے گئے تاکہ سفر کرنے والے خاندانوں کے بچوں کو بھی ویکسین فراہم کی جا سکے۔

رواں سال پنجاب میں یہ پانچویں انسداد پولیو مہم جبکہ تیسری سب نیشنل امیونائزیشن ڈیز مہم تھی۔ اس سے قبل رواں سال دو قومی انسداد پولیو مہمات اور دو سب سال جون تک بھی بڑے پیمانے پر انسداد پولیو مہمات منعقد کرنے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے تاکہ بچوں میں قوت مدافعت برقرار رکھنے، ویکسین سے محروم بچوں تک رسائی اور وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔

راولپنڈی میں اس مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر 9 لاکھ 89 ہزار 924 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا۔ اس مقصد کے لیے ضلع کی 188 یونین کونسلز میں خصوصی انتظامات کیے گئے۔ مہم کے دوران زیادہ خطرے سے دوچار علاقوں، محروم آبادیوں اور نقل مکانی کرنے والے خاندانوں کے بچوں تک رسائی یقینی بنانے کے لیے مؤثر مائیکرو پلاننگ اور خصوصی توجہ دی گئی۔

اس مہم میں حصہ لینے والے پولیو ورکرز درحقیقت ہمارے معاشرے کے وہ خاموش ہیرو ہیں جو شدید گرمی، سردی، بارش اور دیگر مشکلات کے باوجود گھر گھر جا کر بچوں کی صحت اور مستقبل کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داریاں ادا کی محنت اور لگن کے بغیر پولیو کے خاتمے کا ہدف حاصل کرنا ممکن نہیں۔

اکثر والدین یہ سوال کرتے ہیں کہ اگر ان کے بچے کو پہلے بھی کئی مرتبہ پولیو کے قطرے پلائے جا چکے ہیں تو دوبارہ قطرے پلانے کی کیا ضرورت ہے؟ طبی ماہرین کے مطابق پولیو کے خلاف بچوں کی قوتِ مدافعت مضبوط بنانے کے لیے ہر مہم میں ویکسین کی خوراک دینا ضروری ہے۔ ہر نئی خوراک بچے کو وائرس کے خلاف مزید تحفظ فراہم کرنے میں مدد دیتی ہے۔ یہ بات سمجھنا انتہائی ضروری ہے کہ بچے کو پہلے ویکسین پلائی جا چکی ہو تب بھی اسے ہر نئی مہم کے دوران پولیو کے قطرے ضرور پلائے جائیں۔ والدین کو اس حوالے سے کسی قسم کی غفلت یا لاپرواہی نہیں کرنی چاہیے۔

پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے صرف حکومتی اقدامات کافی نہیں بلکہ والدین، اساتذہ، علماء کرام، سماجی شخصیات اور معاشرے کے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ جب پولیو ٹیمیں گھروں پر آئیں تو والدین کو چاہیے کہ وہ اپنے پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو کے قطرے لازمی پلوائیں۔ اگر کسی وجہ سے بچہ گھر پر موجود نہ ہو یا ابتدائی دورے کے دوران پولیو کے قطرے نہ پی سکا ہو تو والدین کو چاہیے کہ متعلقہ پولیو ٹیم سے رابطہ کر کے اس کی ویکسینیشن یقینی بنائیں۔ اسی طرح پولیو ویکسین کے بارے میں پھیلائی جانے والی بے بنیاد افواہوں اور غلط معلومات سے بھی محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ والدین کو چاہیے کہ وہ مستند طبی معلومات پر اعتماد کریں اور اپنے بچوں کی صحت کے معاملے میں کسی قسم کا خطرہ مول نہ لیں۔

پاکستان میں پولیو کا خاتمہ صرف محکمہ صحت یا حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ یہ ایک قومی فریضہ ہے۔ اگر معاشرے کا ہر فرد اس مہم میں اپنا کردار ادا کرے تو وہ دن دور نہیں جب پاکستان بھی پولیو سے پاک ممالک کی فہرست میں شامل ہوسکے گا۔ ہمیں یہ حقیقت تسلیم کرنا ہوگی کہ ایک صحت مند بچہ ہی ایک مضبوط قوم کی بنیاد ہے۔ بچوں کو معذوری سے بچانا، ان کا محفوظ مستقبل یقینی بنانا اور انہیں صحت مند زندگی فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ والدین ہر پولیو مہم میں بھرپور تعاون کریں، پولیو ورکرز کی حوصلہ افزائی کریں اور اپنے اردگرد موجود خاندانوں کو بھی بچوں کی ویکسینیشن کی اہمیت سے آگاہ کریں۔ یاد رکھیے! پولیو کے دو قطرے آپ کے بچے کو عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ آج کی احتیاط ہی آنے والی نسلوں کے محفوظ مستقبل کی ضمانت ہے۔







93 لاکھ بچوں کی ویکسینیشن کا ہدف، والدین سے تعاون کی اپیل

ویکسینیشن میں غفلت نہیں، بچوں کے مستقبل کا سوال ہے

پولیو کے خاتمے کے لیے پنجاب متحرک، ہزاروں ورکرز میدان میں



دو قطرے، محفوظ مستقبل: پولیو کے خلاف قومی جنگ جاری



بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانا ہم سب کی ذمہ داری

گھر گھر پولیو مہم، ہر بچے تک ویکسین پہنچانے کا عزم

پولیو ورکرز کی انتھک محنت، صحت مند پاکستان کی ضمانت

ویکسینیشن کے ذریعے بچوں کو اس مہلک مرض سے محفوظ رکھا جا سکتا ہے۔ پاکستان میں پولیو کا مکمل خاتمہ قومی صحت کے بڑے اہداف میں شامل ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے حکومت اور محکمہ صحت کی جانب سے مسلسل اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

مجموعی طور پر تقریباً 93 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا، جس کے لیے 1,161 یونین کونسلز میں 77 ہزار 894 سے زائد اہلکاروں نے خدمات سر انجام دیں۔ مہم کے دوران 31,869 موبائل ٹیمیں، 1,776 فکسڈ ٹیمیں اور 1,150 ٹرانزٹ ٹیمیں تعینات کی گئیں، جبکہ 1,211 یونین کونسل میڈیکل افسران اور 6,205 ایریا انچارجز نے بھی مہم کی نگرانی اور مؤثر عمل درآمد میں معاونت کی۔

پولیو مہم کی کامیابی کے لیے موبائل ٹیموں کے ساتھ ساتھ مستقل ویکسینیشن مراکز اور ٹرانزٹ ٹیمیں بھی تعینات کی گئیں تاکہ کوئی بچہ ویکسین سے محروم نہ رہ جائے۔ بالخصوص ایسے مقامات جہاں

افواہوں کو شکست، پولیو ویکسین پر اعتماد وقت کی ضرورت

اضلاع میں تین روز گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے گئے، جبکہ ایک اضافی دن رہ جانے والے بچوں تک رسائی اور فالواپ کے لیے مختص کیا گیا۔ انسدادِ پولیو مہم پنجاب کے 13 اضلاع بھکر، چکوال، ڈیرہ غازی

پولیو فری پاکستان: والدین کا کردار سب سے اہم

بقیہ 1

سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد میں یونیسیف کے تعاون سے منعقدہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹیوں کی قومی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ قومی ورکشاپ میں چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر پروفیسر احسن اقبال چوہدری اور قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خاں نے شرکت کی۔ ورکشاپ میں اسپیکر آزاد جموں و کشمیر، ایڈیٹر جنرل آف پاکستان، اراکین صوبائی اسمبلی اور پبلک اکاؤنٹس کمیٹیوں کے چیئرمینوں نے بھی شرکت کی۔ یونیسیف کے تعاون سے منعقدہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹیوں کی قومی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ عوامی خزانے پر اختیار پارلیمان کا بنیادی آئینی فریضہ ہے، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی وہ فورم ہے جہاں پارلیمان کا عوامی خزانے پر اختیار عملی شکل اختیار کرتا ہے، 1973 کے آئین نے پارلیمان کو جو جمہوری کردار دیا، قواعدِ انضباطِ کار اس سے پوری طرح ہم آہنگ نہیں ہو سکے، ہمارے قواعدِ انضباطِ کار اور رولز آف بزنس ابھی تک آئینی تقاضوں کے مطابق اپ ڈیٹ نہیں کیے گئے، ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ قواعد آج بھی نوآبادیاتی دور کی تسلسل کونسلوں کے زمانے میں اٹکے ہوئے ہیں، قواعد کو 1973 کے آئین کی روح کے مطابق ڈھالنا ناگزیر ہے، مؤثر پارلیمانی نگرانی کے لیے قواعدِ انضباطِ کار میں اصلاحات ضروری ہیں، پبلک اکاؤنٹس کمیٹیاں ایک دوسرے کے تجربات سے سیکھیں، ایک اسمبلی میں کامیاب ہونے والا طریقہ کار دوسری اسمبلیوں تک بھی پہنچنا چاہیے، انہوں نے مزید کہا کہ تمام اسمبلیوں کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹیوں کے درمیان مسلسل رابطہ اور تعاون ضروری ہے، مسلسل رابطہ اور باہمی تعاون ہی احتساب کے نظام کو مضبوط بنا سکتا ہے، قبل ازیں قومی ورکشاپ میں سرکاری اخراجات کی مؤثر نگرانی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ قومی ورکشاپ میں مالیاتی شفافیت اور پارلیمانی احتساب کے نظام کو مضبوط بنانے پر غور بھی کیا گیا۔ یونیسیف کے تعاون سے منعقدہ ورکشاپ میں پبلک اکاؤنٹس کمیٹیوں کی کارکردگی اور پارلیمانی نگرانی کے امور زیر بحث آئے

بقیہ 2

اور جغرافیائی حیثیت کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق سندھ یونائیٹڈ پارٹی کی جانب سے وحدتِ سندھ مارچ کے سلسلے میں نکالی جانے والی ریلی کا آغاز کندھ کوٹ شہر کے مرکزی مقام گھنٹہ گھر چوک سے ہوا۔ ریلی کی قیادت سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے مرکزی رہنما سید زین شاہ نے کی۔ ریلی شہر کے مختلف راستوں اور اہم شاہراہوں سے ہوتی ہوئی پریس کلب کندھ کوٹ پہنچی۔ اس دوران شرکاء نے سندھ کی وحدت، قومی حقوق، تاریخی تشخص اور صوبے کے وسائل کے تحفظ کے حق میں نعرے لگائے۔ کارکنوں نے نئے صوبوں کے قیام کی کوششوں کو مسترد کرتے ہوئے اپنے احتجاج اور سیاسی جدوجہد کو مزید منظم کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ ریلی کے شرکاء کا کہنا تھا کہ سندھ ایک قدیم تاریخی، ثقافتی اور جغرافیائی شناخت رکھنے والا صوبہ ہے، جس کی وحدت اور تشخص اس کے عوام کی اجتماعی پہچان اور تاریخی ورثہ ہے۔ سندھ کے عوام اپنی دھرتی، زبان، ثقافت، وسائل اور قومی حقوق کے تحفظ کے لیے ہمیشہ آواز بلند کرتے رہے ہیں اور آئندہ بھی اس مقصد کے لیے جمہوری و آئینی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ ریلی کے اختتام پر پریس کلب کندھ کوٹ میں میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے رہنماؤں نے کہا کہ سندھ کی وحدت کا معاملہ انتہائی اہم اور حساس نوعیت کا حامل ہے۔ سندھ ایک تاریخی، ثقافتی اور جغرافیائی وحدت کا نام ہے، اس لیے صوبے کو تقسیم کرنے یا نئے صوبوں کے قیام کی کسی بھی کوشش کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے عوام اپنی دھرتی، قومی شناخت، قدرتی وسائل اور تاریخی حیثیت کے تحفظ کے لیے متحد ہیں اور کسی کو بھی سندھ کے عوام کی مرضی کے برخلاف ان پر کوئی فیصلہ مسلط کرنے کا حق نہیں دیا جاسکتا اس موقع پر سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے مرکزی رہنما سید زین شاہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ سیاسی جدوجہد کرنا ہر شہری اور سیاسی جماعت کا جمہوری و آئینی حق ہے۔ پرامن سیاسی سرگرمیوں، احتجاج اور اپنے مؤقف کے اظہار کو مقدمات درج کرکے یا مختلف دباؤ کے ہتھکنڈوں کے ذریعے نہیں روکا جاسکتا۔ انہوں نے واضح الفاظ میں کہا کہ ہمیں مقدمات درج کرکے یا مختلف ہتھکنڈوں کے ذریعے ڈرایا دھمکایا نہیں جا سکتا، کیونکہ سندھ کی وحدت اور عوام کے قومی حقوق کے تحفظ کے لیے ہماری جدوجہد کسی دباؤ، دھمکی یا رکاوٹ سے ختم نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے عوام کے حقوق اور صوبے کی تاریخی وحدت کے تحفظ کے لیے سیاسی، جمہوری اور آئینی جدوجہد ہر صورت جاری رکھی جائے گی سید زین شاہ نے اپنے خطاب میں سندھ کی تمام سیاسی، سماجی، قوم پرست اور مذہبی جماعتوں سے اپیل کی کہ وہ سندھ کی وحدت اور قومی حقوق کے اہم معاملے پر اپنے سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر مشترکہ مؤقف اختیار کریں۔ انہوں نے بالخصوص جمعیت علمائے اسلام سمیت دیگر سیاسی جماعتوں اور سماجی تنظیموں پر زور دیا کہ وہ اس اہم قومی معاملے پر اپنا کردار ادا کریں اور سندھ کے تاریخی تشخص، وحدت اور حقوق کے تحفظ کے لیے مشترکہ آواز بلند کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سندھ کی وحدت کسی ایک سیاسی جماعت، تنظیم یا گروہ کا مسئلہ نہیں بلکہ یہ پورے صوبے کے عوام کے اجتماعی مفادات، تاریخی شناخت اور آنے والی نسلوں کے مستقبل کا معاملہ ہے۔ اس لیے تمام سیاسی و سماجی قوتوں کو چاہیے کہ وہ باہمی اختلافات کو ایک طرف رکھتے ہوئے سندھ کے وسیع تر مفاد میں متحد ہوں۔ انہوں نے عوامی سطح پر شعور بیدار کرنے، سیاسی رابطوں کو مضبوط بنانے اور پرامن جمہوری جدوجہد کو مزید منظم کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ سید زین شاہ کا کہنا تھا کہ سندھ کے عوام اپنی دھرتی اور حقوق کے حوالے سے باشعور ہیں اور وہ اپنے مستقبل سے متعلق کسی بھی اہم معاملے پر اپنا جمہوری مؤقف پیش کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ سیاسی جدوجہد اور عوامی آواز کو دبانے کے بجائے عوام کے تحفظات اور خدشات کو سنجیدگی سے سنا جانا چاہیے تاکہ جمہوری اقدار اور آئینی حقوق کا احترام برقرار رہے کندھ کوٹ میں منعقدہ وحدتِ سندھ مارچ کے ذریعے سندھ یونائیٹڈ پارٹی نے سندھ کی وحدت، قومی تشخص اور حقوق کے تحفظ کے حوالے سے اپنا سیاسی مؤقف بھرپور انداز میں پیش کیا۔ ریلی گھنٹہ گھر چوک سے شروع ہو کر شہر کے مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی پریس کلب کندھ کوٹ پہنچی، جہاں میڈیا سے گفتگو کے دوران پارٹی رہنماؤں نے اپنے مؤقف کا اعادہ کیا۔ ریلی کے اختتام پر رہنماؤں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ سندھ کی وحدت، تاریخی شناخت اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے جمہوری و آئینی جدوجہد ہر سطح پر جاری رکھی جائے گی۔ ادارتی مشورہ: اس خبر میں آپ کی فراہم کردہ تمام بنیادی تفصیلات، سید زین شاہ کا مؤقف، جمعیت علمائے اسلام سمیت سیاسی وسماجی جماعتوں سے اپیل اور ریلی کے مکمل روٹ کو برقرار رکھا گیا ہے۔ خبر کا آغاز مرکزی واقعے سے اور اختتام جدوجہد کے عزم پر کیا گیا ہے، جو روزنامہ عوامی لکار کے تفصیلی اخباری انداز کے لیے مناسب ہے۔

بقیہ 3

حیران کن امر یہ ہے کہ میتوں کی منتقلی کے لیے متعلقہ عملہ تقریباً ایک سال قبل تربیت حاصل کرکے واپس آچکا ہے، لیکن تاحال اسے مختص ایمبولینسز فراہم نہیں کی جاسکیں۔ ریسکیو ذرائع سے حاصل ہونے والی معلومات کے مطابق مذکورہ ایمبولینسز کو فعال کرنے کے لیے ٹریکر اور ڈیش بورڈ سسٹم کی تنصیب ضروری ہے، جس میں مزید ایک سے دو ہفتے لگنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے، جبکہ اس وقت یہ سہولت صرف چکوال شہر تک محدود ہے۔ بالخصوص تحصیل چوآ سیدن شاہ میں اس سروس کی اہمیت کئی گنا بڑھ جاتی ہے کیونکہ مائننگ ایریا ہونے کے باعث یہاں کان کنی کے دوران حادثات اور ٹریفک حادثات رونما ہوتے رہتے ہیں، ایسے حالات میں میتوں کی بروقت اور باوقار منتقلی کے لیے سرکاری ایمبولینس سروس کی عدم دستیابی متاثرہ خاندانوں کے لیے اضافی مشکلات کا سبب بن سکتی ہے۔ عوامی وسماجی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر چکوال اور اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ سے خصوصی نوٹس لینے کی اپیل کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت پنجاب کی جانب سے جس تحصیل کے لیے جو ایمبولینس مختص کی گئی ہے، اسے فوری طور پر متعلقہ تحصیل میں پہنچایا جائے اور ٹریکر و ڈیش بورڈ سسٹم کی تنصیب سمیت تمام تکنیکی و انتظامی رکاوٹیں ترجیحی بنیادوں پر دور کرکے سروس فعال بنائی جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ یہ محض گاڑیوں کی فراہمی کا معاملہ نہیں بلکہ مشکل کی گھڑی میں سوگوار خاندانوں کو بنیادی انسانی سہولت فراہم کرنے کا مسئلہ ہے، لہٰذا ضلعی انتظامیہ اس معاملے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے عملی اقدامات یقینی بنائے۔

بقیہ 4

مری شہر کی خوبصورتی میں اضافے اور ماحول کو دلکش بنانے کے لیے مختلف علاقوں میں موسمی پھول اور پودے لگائے جائیں۔ بعدازاں ڈپٹی کمشنر نے باغ شہیداں اور اس کے گردونواح میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کا بھی معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ سیاحوں اور مقامی شہریوں کو صاف ستھرا اور خوشگوار ماحول فراہم کرنے کے لیے صفائی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 5

خاندان نے انہیں چودھری بنایا ان کو دھوکہ دینے کی ایک ان کی ایک تاریخ بن گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موصوف چودھری کم اور تھڑے باز گفتگو زیادہ کرنا شروع ہوگئے ہیں، جو خواتین کی تضحیک کریں وہ کم از کم وضع دار نہیں ہوسکتے، ایک ہفتے سے مریم نواز کے نوٹس کا جواب نہیں دے سکے، اگر نوٹس کا جواب نہیں دے سکتے تو وزارتوں سے استعفے دے کر گھر جائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کرپشن کا راگ بھی الاپتے ہیں فنڈز بھی مانگتے یہ دوغلی سیاست کیسے کرلیتے؟ مریم نواز نے گجرات میں جو کام کر دیئے ہیں وہ آپ کی تین نسلیں بھی نہیں کرسکیں، مریم نواز نے گجرات کو اس کا وہ حق دیا ہے جو 50 سال سے ظہور الٰہی، شجاعت حسین اور پرویز الٰہی نہیں دے سکے۔ عظمیٰ بخاری نے مزید کہا کہ ٹی وی پر بھاشن مت دیں، استعفے دیں اور اپوزیشن میں بیٹھیں آپ کو آٹے دال کا بھا معلوم ہوجائے گا۔

بقیہ 6

چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے ہدایت کی کہ صفائی ستھرائی کے جدید سالڈ ویسٹ مینجمنٹ سروسز کے تحت پارک انکلیو میں صفائی ستھرائی کے نظام کو بہتر کیا جائے اور فیز ون میں سیکورٹی کو بہتر بنانے کیلئے باؤنڈری وال کی تعمیر و مرمت کے حوالے سے ورکنگ کی جائے۔ پارک انکلیو کی مرکزی مسجد کے باقی ماندہ کام اور پارکنگ کے مسئلہ کی نشاندہی پر چیئرمین سی ڈی اے نے مسجد کے تعمیراتی کام کی تکمیل اور پارکنگ کے مسئلے کو فوری حل کرنے کی ہدایت کی۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ پارک انکلیو میں موجود بی یو پی (BUP) کے مسئلہ کو بھی جلد حل کیا جائیگا۔ انہوں نے فیز ٹو وتھری میں بجلی کے فراہمی کے مسئلہ کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے فیز تھری میں باقی ماندہ ترقیاتی کام جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ سیوریج، واٹر سپلائی اور پارکس کی اپگریڈیشن سے متعلقہ مسائل بھی ترجیح بنیادوں میں حل کئے جائے جائیں۔ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے کھلی کچہری میں پلاٹس کی (Possession) کی فراہمی کو کیو آر کوڈ (QR Code) کے ذریعے یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ پارک انکلیو میں قبضہ دینے کے عمل کو شفاف اور سہل بنایا جائے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ پارک انکلیو کے کمرشل ایریاز کو مکمل طور پر جدید خطوط پر استوار کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلیوارڈ (سروس) روڈ میں مستقل بنیادوں پر جدید اور خوبصورت اسٹریٹ لائٹس نصب کی جائیں۔ پارک انکلیو کے گورننس ماڈل کو بہتر بنانے کیلئے رہائشیوں پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی جائے جو مختلف مسائل اور امور کا حل تجویز کر سکے۔ اس موقع پر شہریوں نے کھلی کچہری کے انعقاد کرنے پر چیئرمین سی ڈی اے و انتظامیہ کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ پارک انکلیو کے تمام فیزز میں مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائیگا تاکہ یہاں کے رہائشیوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 7

کے پی آئیز کے تحت جاری اقدامات، حاصل کردہ اہداف اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ تمام محکمے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے مربوط حکمت عملی کے تحت کام کریں اور عوامی سہولیات کی فراہمی، صفائی ستھرائی، تجاوزات کے خاتمے، سڑکوں کی بحالی، نکاسی آب، صاف پانی کی فراہمی اور شہری و دیہی علاقوں میں بنیادی سہولیات کی بہتری پر خصوصی توجہ دیں۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے متوقع دورہ راولپنڈی کے حوالے سے بھی خصوصی ہدایات جاری کی گئیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ وزیراعلیٰ پنجاب اپنے دورہ راولپنڈی کے دوران شہر میں مختلف ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح بھی کریں گی۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ دورے کے پیش نظر جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے اور منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے شہر کی خوبصورتی، انفراسٹرکچر کی بہتری، صفائی ستھرائی اور عوامی سہولیات کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنے کی ہدایت کی تاکہ وزیراعلیٰ کے دورے کے موقع پر راولپنڈی میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں اور عوامی فلاح کے اقدامات کو مؤثر انداز میں اجاگر کیا جاسکے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ تمام افسران اپنی ذمہ داریاں پوری محنت اور پیشہ ورانہ انداز میں ادا کریں، فیلڈ میں عملی اقدامات کو یقینی بنائیں اور کے پی آئیز پر پیش رفت کی باقاعدگی سے مانیٹرنگ کرتے ہوئے مقررہ اہداف کے حصول میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتیں۔

بقیہ 8

ہوئے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، نظم و ضبط اور ٹیم ورک کا عملی مظاہرہ کیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی معروف سماجی شخصیت اور چیف وارڈن سول ڈیفنس راجہ مجاہد افسر آف ڈڈوت تھے، جن کی شرکت نے تقریب کو خصوصی اہمیت دی، جبکہ سینئر صحافی برہان غنی، عظمت حیات شیرازی، راجہ مزمل سمیت دیگر میڈیا نمائندگان بھی موجود تھے۔ مقابلوں میں ریسکیو 1122 کلر کہار، چوآ سیدن شاہ، تحصیل چکوال، لاوہ اور تلہ گنگ کی کمیونٹی ایمرجنسی رسپانس ٹیموں نے حصہ لیا، جہاں متاثرین کی درجہ بندی، ابتدائی طبی امداد، آگ بجھانے، عمارتوں میں پھنسے افراد کی تلاش و بحالی اور پانی میں ڈوبنے والے افراد کے ریسکیو سمیت مختلف عملی مشقوں کے ذریعے رضا کاروں کی استعداد کار کو جانچا گیا۔ شرکاء نے مختلف فرضی ہنگامی صورتحال میں اپنی تربیت اور عملی مہارتوں کا مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر حمزہ علی خان اور ریسکیو 1122 کے افسران و اہلکاروں نے ٹیموں کا استقبال کیا اور رضا کاروں کی حوصلہ افزائی کی۔ انجینئر حمزہ علی خان کا کہنا تھا کہ کمیونٹی ایمرجنسی رسپانس ٹیمز پروگرام کا بنیادی مقصد شہریوں کو ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے تربیت فراہم کرنا ہے، تاکہ کسی حادثے، قدرتی آفت یا ایمرجنسی کی صورت میں ریسکیو ٹیموں کی آمد سے قبل ابتدائی سطح پر مؤثر اقدامات کے ذریعے انسانی جانوں کا تحفظ ممکن بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے مقابلے رضا کاروں کی عملی صلاحیتوں میں اضافے، باہمی تعاون اور فوری ردعمل کی استعداد بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ مقابلے میں نمایاں کارکردگی دکھانے والی ٹیم نیشنل CERT چیلنج میں ضلع چکوال کی نمائندگی کرے گی، جہاں پنجاب بھر کی کمیونٹی ایمرجنسی رسپانس ٹیمیں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گی۔ ریسکیو 1122 چکوال کی جانب سے کمیونٹی سیفٹی، عوامی آگاہی اور رضا کاروں کی تربیت کے ذریعے محفوظ معاشرے کے قیام کے لیے سرگرمیاں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 9

ویسٹ مینجمنٹ و دیگر متعلقہ عملے کی فیلڈ موجودگی کی پڑتال کی۔ انہوں نے صفائی کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے کے لیے فیلڈ سٹاف اور افسران کو واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ کوڑا کرکٹ کی بروقت تلفی اور شاہراہوں کو ہر قسم کی گندگی سے پاک رکھنا انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ڈپٹی کمشنر مری کی اہم ہدایات: * کوڑا کرکٹ کی بروقت تلفی: تمام پوائنٹس اور رہائشی علاقوں سے کوڑا کرکٹ کو شیڈول کے مطابق فوری اٹھانے اور تلف کرنے کا حکم دیا۔ *سیاحتی پوائنٹس پر خصوصی توجہ: مری آنے والے سیاحوں اور مقامی شہریوں کے لیے خوشگوار ماحول یقینی بنانے کی خاطر مرکزی بازاروں اور سیاحتی مقامات پر صفائی کے روزانہ کی بنیاد پر خصوصی انتظامات کی ہدایت کی گئی۔ * کارکردگی کی مانیٹرنگ: متعلقہ افسران کو فیلڈ میں خود موجود رہ کر صفائی کے عمل کو مانیٹر کرنے اور غفلت برتنے والے عملے کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دیا۔ اس موقع پر بات کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے کہا کہ "ستھرا پنجاب" مہم صرف ایک سرکاری اقدام نہیں بلکہ عوام کو پاکیزہ اور صحت مند ماحول فراہم کرنے کا عزم ہے۔ مری کی خوبصورتی، وقار اور ماحولیاتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور انتظامیہ اس مقصد کے حصول کے لیے تمام دستیاب وسائل کو کارآمد بنا رہی ہے۔

بقیہ 10

کے غیر محتاط استعمال سے بچوں کو سائبر کرائم، آن لائن استحصال، بلیک میلنگ اور نامناسب مواد جیسے سنگین خطرات بھی لاحق ہیں دیگر ممالک کی طرح پاکستان میں بھی بچوں کے آن لائن تحفظ کے لیے مؤثر قوانین پر عمل درآمد، نگرانی اور ڈیجیٹل آگاہی کو فروغ دینے کی اشد ضرورت ہے بچوں کو صرف موبائل فون سے دور رکھنا کافی نہیں بلکہ انہیں انٹرنیٹ کے محفوظ استعمال، ذاتی معلومات کے تحفظ اور مشکوک رابطوں کی شناخت کی تربیت دینا بھی ضروری ہے بچوں کا تحفظ والدین کے ساتھ ساتھ حکومت، تعلیمی اداروں، قومی سائبر کرائم تحقیقاتی ادارے، بچوں کے تحفظ کے متعلقہ اداروں اور ٹیکنالوجی کمپنیوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے مہمان خصوصی سیّد عمار جعفری نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بچے کسی بھی قوم کا قیمتی سرمایہ اور روشن مستقبل ہوتے ہیں ان کی حفاظت صرف والدین کی نہیں بلکہ پورے معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے ہمیں جدید ٹیکنالوجی سے فائدہ ضرور اٹھانا چاہیے لیکن اس کے خطرات سے بھی آگاہ رہنا چاہیے ایک محفوظ بچہ ہی محفوظ معاشرے کی بنیاد ہے اسکولوں اور تعلیمی اداروں میں سائبر سیکیورٹی اور ڈیجیٹل سیفٹی کی باقاعدہ تعلیم متعارف کروائی جائے تاکہ بچوں کو کم عمری سے ہی محفوظ انٹرنیٹ استعمال کرنے کا شعور حاصل ہو ہمیں بچوں کو ٹیکنالوجی سے دور نہیں کرنا بلکہ انہیں ٹیکنالوجی کا محفوظ اور مثبت استعمال سکھانا ہے اگر ہم آج اپنے بچوں کو سائبر کرائم سے بچانے کے لیے مؤثر اقدامات کریں گے تو کل ایک تعلیم یافتہ، باشعور اور محفوظ نسل پروان چڑھے گی اسپیکر ہمدرد شوریٰ امتیاز حیدر اور اراکین شوریٰ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کو سائبر کرائم سے محفوظ رکھنا محض قانون نافذ کرنے والے اداروں کا کام نہیں بلکہ ایک اجتماعی ذمہ داری ہے ہمیں ایک ایسی نسل تیار کرنی ہے جو ڈیجیٹل دنیا میں اعتماد، شعور اور ذمہ داری کے ساتھ آگے بڑھیں حقیقی ترقی اسی وقت ممکن ہے جب ٹیکنالوجی کی سہولیات کے ساتھ بچوں کے تحفظ، وقار اور مستقبل کو بھی یکساں اہمیت دی جائے دیگر دانشوروں میں ڈاکٹر ممتاز فاطمہ جعفری، سلمیٰ قاصر، انجینئر مظفر اقبال، پروفیسر زاہد علی قریشی، نعیم اکرم قریشی، حکیم بشیر بھیروی، طارق شاہین، تنویر نصرت، ڈاکٹر عمر شہباز خان، ڈاکٹر نعمان احمد خان اور محمد ایوب ایڈووکیٹ شامل تھے ان دانشوروں نے بھی اس بات پر زور دیا کہ بچوں کے تحفظ کو صرف حکومتی ذمہ داری نہ سمجھا جائے بلکہ والدین، اساتذہ، میڈیا اور معاشرے کا ہر فرد اپنا کردار ادا کرے کیونکہ بچوں کا محفوظ مستقبل ہی ایک مضبوط، باشعور اور ترقی یافتہ پاکستان کی ضمانت ہے اجلاس کے اختتام پر زونل ہیڈ ہمدرد فاؤنڈیشن راولپنڈی امان اللہ نیازی نے اسپیکر ہمدرد شوریٰ امتیاز حیدر کے ہمراہ مہمان مقرر سیّد عمار جعفری کو خصوصی شیلڈ عافیت سے جیتے رہو پیش کی۔

بقیہ 11

انتظامات کے مطابق ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر مری انجینئر کامران رشید کی زیر نگرانی ریسکیو 1122 مری نے تمام انتظامات کو حتمی شکل دے دی ہے۔ اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کوآرڈینیٹر بھی متعلقہ اداروں کے ساتھ باہمی رابطے اور کوآرڈینیشن کے عمل میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ ایمرجنسی کور پلان کے تحت ریسکیو 1122 کے تمام اہلکار، ایمبولینس، فائر اینڈ ریسکیو وہیکلز اور دیگر ہنگامی وسائل 24 گھنٹے فیلڈ میں ہائی الرٹ رہیں گے تاکہ برفباری، ٹریفک حادثات اور دیگر ہنگامی صورتحال میں فوری ریسپانس اور مؤثر امدادی کارروائیوں کو یقینی بنایا جاسکے۔ اسی طرح مختلف فیسلیٹیشن سینٹرز پر تعینات متحرک ریسپانس اسکواڈز بھی شہریوں اور سیاحوں کو فوری طبی امداد، ریسکیو سروسز اور دیگر ہنگامی سہولیات فراہم کرنے کے لیے تیار رہیں گے۔ ریسکیو 1122 مری، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کے درمیان باہمی رابطے اور مؤثر کوآرڈینیشن کے ذریعے کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے اقدامات کیے گئے ہیں۔ ریسکیو 1122 مری کی جانب سے شہریوں اور سیاحوں سے اپیل کی گئی ہے کہ سرمائی سیزن اور برفباری کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کریں، غیر ضروری سفر سے گریز کریں، گاڑیوں میں ضروری حفاظتی سامان رکھیں اور موسم و ٹریفک کی صورتحال سے باخبر رہیں۔ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری امداد کے لیے ریسکیو 1122 کی ہیلپ لائن 1122 پر رابطہ کریں۔

بقیہ 12

کرکے ٹھکانہ خانہ پری کی جاتی رہی ہے؟ شہریوں نے مزید مطالبہ کیا کہ طبی مراکز قائم کرنے والے مالکان کی اہلیت، رہائشی و کمرشل عمارتوں میں پارکنگ، بلڈنگ بائی لاز اور طبی فضلہ تلف کرنے (ویسٹ مینجمنٹ) کے نظام کا کڑا جائزہ لیا جائے۔ اس کے ساتھ ہی معالجین کی مشورہ فیس، لیبارٹری ٹیسٹوں، سی ٹی سکین، ایکس رے اور الٹراساؤنڈ کے نرخوں کا سرکاری تعین کرکے ریٹ لسٹیں آویزاں کی جائیں، جبکہ میڈیکل اسٹورز اور ہسپتالوں کی فارمیسیز پر مستند فارماسسٹ کی موجودگی اور معیاری ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ عوامی حلقوں کی جانب سے یہ تجویز بھی دی گئی ہے کہ سرکاری ہسپتالوں کی طرز پر تمام نجی مراکز میں معائنے کے بعد مریض کی پرچی پر متعلقہ ڈاکٹر کی ذاتی مہر لگانا لازمی قرار دیا جائے، جس پر معالج کا نام، مکمل کوالیفکیشن اور پی ایم ڈی سی رجسٹریشن نمبر درج ہو، تاکہ مریضوں کو واضح طور پر معلوم ہو سکے کہ ان کا علاج کون کر رہا ہے۔ مز

بقیہ 13

سینٹر غوشپور منتقل کیا، جہاں انہیں ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی دوسری جانب رابطہ کرنے پر پولیس اہلکار صنم شاہ نے الزام عائد کیا کہ سندرانی برادری کے افراد مبینہ طور پر ان کے آباؤ اجداد کی ملکیتی زمین پر زبردستی قبضہ کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ مخالفین نے ان کی حویلی کے باہر فائرنگ کرکے خوف و ہراس پھیلایا اور پلاٹ پر پڑے پرالی کے ڈھیر کو بھی آگ لگا کر جلا دیا متاثرہ فریق نے ایس ایس پی کشمور سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی شفاف تحقیقات کروا کر ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جائے اور انہیں انصاف و تحفظ فراہم کیا جائے واقعے کے حوالے سے پولیس کا باضابطہ مؤقف سامنے آنے پر اسے بھی خبر کا حصہ بنایا جائے گا۔

بقیہ 14

کی بنیاد ہے، حکومت پنجاب تعلیمی اداروں میں جدید سہولتوں کی فراہمی اور معیارِ تعلیم کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں طلبہ و طالبات کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کیا جا رہا ہے تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر ملک و قوم کا نام روشن کرسکیں۔

بقیہ 15

میں شریک عالمی رہنماؤں کے ہمراہ گروپ فوٹو ہوا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کانفرنس میں شریک عالمی رہنماؤں سے ملاقات، مصافحہ اور خیرسگالی کے تبادلے کیے۔

بقیہ 16

کہ تمام سرکاری گاڑیوں کو بہترین ورکنگ کنڈیشن میں رکھا جائے اور ان کی بروقت مکینکس یقینی بنائی جائے تاکہ پولیس کے آپریشنل امور کی انجام دہی میں کسی قسم کی رکاوٹ پیش نہ آئے۔ ڈی پی او چکوال نے پولیس اہلکاروں کی رہائش کے لیے قائم بیرکس کا بھی تفصیلی معائنہ کیا اور صفائی، نظم و ضبط اور دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔

بقیہ 17

2027 کو نظر آنے کی توقع ہے، تاہم حتمی تاریخ کا فیصلہ چاند کی رویت سے ہوگا۔ فلکیاتی اندازوں کے مطابق رمضان المبارک 29 یا 30 روزوں پر مشتمل ہوسکتا ہے، جبکہ عیدالفطر 9 یا 10 مارچ 2027 کے آس پاس ہونے کا امکان ہے۔ واضح رہے کہ یہ تاریخیں فلکیاتی حسابات پر مبنی ہیں، رمضان المبارک کے آغاز اور عیدالفطر کی حتمی تاریخ کا اعلان مرکزی رویت ہلال کمیٹی چاند کی شرعی شہادتوں کی بنیاد پر کرے گی۔

بقیہ 18

میں ایک ایل این جی کارگو کی قیمتوں کا فرق بھی نمایاں ہے، حکام کے مطابق بین الاقوامی کمپنیوں نے فی کارگو کم از کم 24 ارب 28 کروڑ 16 لاکھ روپے جبکہ بلند ترین نرخ 27 ارب 77 کروڑ 60 لاکھ روپے مقرر کیے ہیں۔ دریں اثناء 2 کارگوز کی خریداری کیلئے سب سے کم نرخ پیش کرنے والی کمپنیوں کی بولیاں مزید غور کیلئے پی ایل ایل بورڈ کے سپرد کر دی گئی ہیں، ان دونوں پیشکشوں کی مالیت 24 ارب 28 کروڑ سے 24 ارب 43 کروڑ روپے کے درمیان ہے۔ اب بورڈ یہ طے کرے گا کہ موصولہ نرخوں پر ایل این جی کی خریداری ملکی مفاد میں ہے یا نہیں، پیشکشوں کی جانچ پڑتال کے بعد انہیں قبول کرنے یا مسترد کرنے کا حتمی اختیار بھی پی ایل ایل بورڈ کے پاس ہوگا۔

بقیہ 19

سیاسی جماعتیں گاڑیوں کے بڑے بڑے لشکر لے کر نکلتے ہیں، اس لیے عوامی ریلیف پیکج میں پبلک ٹرانسپورٹ کو بھی شامل کیا جائے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ ملک میں ایل پی جی کی شدید قلت ہے، جو سرکاری نرخوں پر دستیاب نہیں، ایل پی جی کی قیمتوں کا تعین کرنا کس کی ذمے داری ہے؟ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ایل پی جی کا 70 فیصد حصہ ایران سے آتا ہے، اگر پاکستان میں گیس کے ذخائر موجود ہیں تو انہیں نکالا کیوں نہیں جارہا؟

بقیہ 20

گیس کو جلد قومی سسٹم سے منسلک کیا جائے گا۔

بقیہ 21

پکتیا کے گاں منگریال سے ہے۔ عباس احسن نے کہا کہ گرفتار خارجی افغان نیشنل آرمی سے بھی منسلک رہا اور اس نے افغان آرمی سے تربیت حاصل کی تھی، اسے 7 نومبر کو گرفتار کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ گرفتار دہشت گرد گل بہادر گروپ کے ساتھ بھی کام کر چکا ہے، اس کے ساتھیوں اور تربیت فراہم کرنے والوں سے متعلق معلومات حاصل کر لی گئی ہیں۔ ایڈیشنل آئی جی کے مطابق گرفتار دہشت گرد کے سرحد پار اور پاکستان میں موجود دہشت گردوں سے رابطے ہیں، افغانستان میں کھلے عام پاکستان کے خلاف دہشت گردی کی منصوبہ بندی کی جاتی ہے۔

بقیہ 22

شروع کی، سیف سٹی ٹیم نے فوٹیجز کا تجزیہ کرکے وارداتوں میں استعمال ہونے والی موٹر سائیکل کی نشاندہی کی، سیف سٹی کی جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ملزمان کی شناخت اور موٹر سائیکل کی تفصیلات حاصل کی گئیں، سیف سٹی ٹیم نے ملزمان کی تصاویر، موٹر سائیکل کی معلومات اور دیگر ڈیجیٹل شواہد متعلقہ پولیس کو فراہم کیے۔ سیف سٹی کی فراہم کردہ معلومات پر پولیس نے ٹارگٹڈ کارروائی کرتے ہوئے ملزم میاں بیوی کو گرفتار کرلیا۔ ملزمان کے خلاف مختلف تھانوں میں چوری کی وارداتوں کے متعدد مقدمات درج ہیں۔ ترجمان سیف سٹیز کے مطابق سیف سٹی کی جدید ٹیکنالوجی سے جرائم پیشہ عناصر کی نشاندہی اور گرفتاری میں پولیس کو مؤثر معاونت کی جارہی ہے، جرائم پیشہ عناصر کی نقل و حرکت پر نظر رکھنے کیلئے پنجاب بھر میں سیف سٹی کیمروں سے مسلسل سرویلنس جاری ہے۔

بقیہ 23

رفتار میں کمی، محفوظ فاصلہ برقرار رکھنے اور ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کے حوالے سے آگاہی دینا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ایچ پی کمیونٹی کمیٹیوں کے ممبران معاشرے کے بااثر افراد ہیں اور وہ پنجاب ہائی وے پٹرول کے ساتھ مل کر روڈ سیفٹی مہم کو مؤثر بنانے اور حادثات میں کمی لانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کمیونٹی کمیٹی ممبران کے ہمراہ عوام کو آگاہی لیکچر دیا اور سست رفتار گاڑیوں پر ریفلیکٹر لگائے۔

بقیہ 24

ایکوائری کر چکا اور اس جگہ کی ادائیگی بھی مالکان کو کرچکا ہے۔ سی ڈی اے کے جواب میں کہا گیا کہ حضرت بری امام دربار کی جگہ الگ نمبروں کے ساتھ سرکاری ریکارڈ میں درج ہے، بری امام ہاؤس نامی عمارت کا حضرت بری امام دربار کی جگہ سے کوئی تعلق نہیں، محض بری امام ہاس کا نام دینے یا اسے مزار سے منسلک کرنے سے درخواست گزار کو اس زمین کا قانونی حق حاصل نہیں ہوتا۔ عدالت میں جمع جواب میں کہا گیا کہ محلِ وقوع اور محکمہ مال ریکارڈ کے مطابق بری امام ہاس اور بری امام دربار 2 الگ الگ جگہیں ہیں، ان دونوں کو ایک ہی جائیداد تصور نہیں کیا جاسکتا ہے، درخواست گزار کے پاس اس (بری امام ہاؤس) جگہ پر قبضے یا استعمال کا کوئی قانونی اختیار نہیں۔

بقیہ 25

کی 7 لاکھ 11 ہزار روپے کی مکمل رقم ملزمان سے برآمد کرکے حوالے کر دی، متاثرہ خاتون نے این سی سی آئی اے ملتان میں شکایت درج کرائی تھی کہ نامعلوم ملزمان نے جعلسازی اور دھوکہ دہی کے ذریعے اسے آن لائن فراڈ کا نشانہ بنایا اور مختلف حربوں سے اس سے 7 لاکھ 11 ہزار روپے ہتھیا لیے۔ متاثرہ خاتون کی شکایت پر این سی سی آئی اے ملتان نے فوری طور پر باقاعدہ انکوائری شروع کی، انکوائری کے دوران این سی سی آئی اے کی ٹیم نے جدید تکنیکی ذرائع اور ڈیجیٹل شواہد کی مدد سے ملزمان تک رسائی حاصل کی۔

بقیہ 26

کہ صرف وہی انٹرنیٹ کمپنیاں واپڈا کے کھمبے استعمال کرسکیں گی جو قواعد وضوابط کے مطابق تمام شرائط پوری کریں گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ غیر قانونی انٹرنیٹ کیبلز اور تاریں ازخود ہٹادی جائیں، بصورت دیگران کے مالکان کے خلاف ایف آئی آر درج کرائی جائیں گی۔

بقیہ 27

ہمارے 3، 3 سیاسی کارکن شہید ہوئے۔ بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے حسن مرتضی نے کہا کہ حکومت اب بھی انتخابات سے راہ فرار اختیار کررہی ہے اور تاخیری حربے استعمال کیے جارہے ہیں تاہم پاکستان پیپلز پارٹی حکومت کو بلدیاتی انتخابات کرانے پر مجبور کرے گی، ہم عوامی دباؤ کے ذریعے یہ انتخابات کروائیں گے، اگر پیپلز پارٹی ان انتخابات میں کلین سویپ نہ بھی کرسکی تو اپنی سیاسی شناخت اور نقش ضرور چھوڑے گی، انتخابات کے بعد پنجاب میں یقیناً بڑی تبدیلی آئے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام نئے لوگوں، نئی سوچ، ترقی اور آئندہ 20 سے 25 سال کے لیے پائیدار پالیسیوں کے خواہاں ہیں۔

بقیہ 28

میں وزیراعلیٰ سندھ، صوبائی وزراء، اراکین سندھ اسمبلی اور پارٹی رہنما شرکت کریں گے۔

بقیہ 29

کے 20 روز گزرنے کے باوجود خالی آسامیوں پر نئے مجسٹریٹس تعینات نہیں کیے جاسکے۔ مجسٹریٹس کی عدم تعیناتی کے باعث لاہور کے متعدد علاقوں میں پرائس کنٹرول کا نظام متاثر ہونے لگا ہے، جس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے گراں فروش من مانے نرخ وصول کر رہے ہیں۔ شہری مہنگائی کے باعث اشیائے ضروریہ مہنگے داموں خریدنے پر مجبور ہیں۔

بقیہ 30

پیداوار بڑھانے کے لیے کھادوں کا متوازن استعمال یقینی بنائیں، کھادوں کا غیر متوازن استعمال نہ صرف زرعی پیداوار بلکہ زمین کی زرخیزی کو بھی متاثر کرتا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مٹی کے تجزیے کی بنیاد پر کھادوں کا استعمال پیداوار میں اضافے کا مؤثر ذریعہ ہے، معیاری بیج، متوازن کھاد اور جدید زرعی طریقے گندم کی بہتر پیداوار کے لیے ضروری ہیں۔

بقیہ 31

کمرشل بینکنگ سرکل اسلام آباد میں امان اللہ کے خلاف حوالہ ہنڈی اور سولہ بینک اکاؤنٹس کے ذریعے مشکوک مالی لین دین کی انکوائری جاری ہے۔ ایف آئی اے کے مطابق امان اللہ کو 10 نومبر کو دوپہر 12 بجے ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کی ہدایت کی گئی تھی تاہم دو گزشتہ دو نوٹسز کے باوجود انکوائری میں پیش نہیں ہوئے۔ ایف آئی اے نے خبردار کیا ہے کہ معقول جواز کے بغیر تیسرے نوٹس کی عدم تعمیل پر دستیاب شواہد اور متعلقہ قوانین کے تحت مزید قانونی کارروائی کی جاسکتی ہے

بقیہ 32

ڈیپ مائرہ علی، ایڈیشنل سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو و دیگر افسران بھی شریک ہوئے۔ وڈیو لنک کے ذریعے وائس چانسلر نشتر میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر مہناز خاکوانی، چیف انجینئر، متعلقہ ایکسینز و افسران نے شرکت کی۔ متعلقہ حکام نے اجلاس میں بریفنگ دی۔ صحت کے منصوبوں میں نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ لاہور، کلثوم نواز کینسر ہسپتال ڈی جی خان، مریم نواز انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی گوجرانوالہ، نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرگودھا، لیڈی ولنگڈن ہسپتال لاہور، تھیلیسیمیا سنٹر بہاول پور، بہاول پور اور رحیم یار خان میں برن یونٹس کا قیام، ملتان کینسر ہسپتال، نارووال میڈیکل کالج، یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز لاہور، فاطمہ جناح انسٹی ٹیوٹ آف ڈینٹل سائنسز، اوکاڑہ میڈیکل کالج، چلڈرن ہسپتال راولپنڈی، ہولی فیملی ہسپتال راولپنڈی میں سیوریج سسٹم، ٹیچنگ ہسپتال سیالکوٹ، الائیڈ ہسپتال فیصل آباد ون میں لینیئر ایکسلیریٹر کی خریداری، چلڈرن ہسپتال بہاول پور، میو ہسپتال لاہور کے او پی ڈی کی ری ویمپنگ، جناح ہسپتال لاہور میں گائنی، جنرل سرجری اور یورولوجی کے آپریشن تھیٹرز، میڈیکل کالج لیہ، میڈیکل کالج میاں والی و دیگر منصوبے شامل ہیں۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق صحت کے شعبہ میں تاریخی و انقلابی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ صوبہ بھر میں نئے ہسپتالوں کا جال بچھایا جارہا ہے۔ متعلقہ انجینئرنگ ایجنسیز کو صحت کے تمام منصوبوں کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ منصوبوں میں شفافیت اور معیار پر ایک فیصد بھی کسر اٹھا نہیں رکھی جا رہی ہے۔ سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے کہا کہ صحت کے تمام منصوبوں کو مسلسل مانیٹر کیا جارہا ہے۔ منصوبوں کے حوالہ سے تمام متعلقہ محکموں کے ساتھ مکمل کوآرڈی نیشن میں ہیں۔

بقیہ 33

عدالت میں پیش ہوئے، ڈی سی آفس کی جانب سے عدالت میں کلرک کی نمائندگی پر چیف جسٹس برہم ہوگئے۔ کلرک نمائندہ ضلع انتظامیہ نے کہا کہ دوسرے ضلع سے این او سی کے ایک سال بعد ڈومیسائل بنتا ہے، چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے استفسار کیا کہ آپ کون ہیں، آپ کا کیا عہدہ ہے، کلرک نے جواب دیا کہ میں ایل ڈی سی کلرک ہوں۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے کہا کہ یہ کیا طریقہ ہے، نواب کے بچوں نے خود آنے کے بجائے کلرک بھیجا ہے، نہ ڈی سی آیا، نہ سپرنٹنڈنٹ اور نہ اے سی، بلالیں ڈی سی کو، جب این او سی آگیا تو کیا وہ ایک سال انتظار کرے گا، پانچ روز میں شہری کو ڈومیسائل نہ بنا کر دیا تو ڈی سی ذاتی حیثیت میں پیش ہو۔ عدالت نے ہدایت کے ساتھ کیس کی سماعت اگلے ہفتے تک ملتوی کردی۔

بقیہ 34

کارگوز کی بولیاں طلب کی تھیں۔ پی ایل ایل دستاویز کے مطابق دونوں کارگوز کے لیے مجموعی طور پر 3 بولیاں موصول ہوئیں، بولیاں 14 سے 16 دسمبر اور 9 سے 11 جنوری کے دوران ترسیل کے لیے طلب کی گئی تھیں۔ ذرائع پی ایل ایل کے مطابق دسمبر کے کارگو کے لیے 27.27 سے 31 ڈالرز فی ملین برٹش تھرمل یونٹ (ایم ایم بی ٹی یو) تک بولیاں موصول ہوئیں جبکہ جنوری کے کارگو کے لیے صرف ایک بولی 27.01 ڈالرز فی ایم ایم بی ٹی یو کی موصول ہوئی۔ دستاویز کے مطابق دسمبر کے ایل این جی کارگو کے لیے 24 ارب 43 کروڑ سے 27 ارب 77 کروڑ روپے تک قیمت طلب کی گئی، جبکہ جنوری کے کارگو کے لیے 24 ارب 28 کروڑ روپے کی بولی موصول ہوئی۔

بقیہ 35

موبائل فونز پر کوئی پاس ورڈ یا لاک کوڈ موجود نہیں تھا جس کے باعث پولیس کو فونز کے ڈیٹا تک رسائی حاصل کرنے میں دشواری پیش نہیں آئی۔ ذرائع کے مطابق پولیس نے ربیعہ احسن اور ان کے شوہر کے درمیان ہونے والی چیٹ کا بھی جائزہ لیا۔

بقیہ 36

مزید تین فیصد تک کم ہوگئے۔ سیکرٹری آر ٹی اے لاہور رانا محسن نے کہا کہ تمام بس اڈوں پر نئے کرائے نامے آویزاں کر دیئے گئے ہیں، پرانے یا زائد کرائے وصول کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی۔ تمام بس اڈوں پر نئے کرائے ناموں کا اطلاق فوری طور پر نافذ العمل ہوگا، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا ریلیف عوام تک پہنچایا جارہا ہے۔

بقیہ 37

انٹیلی جنس بنیادوں پر مربوط کارروائیاں کی گئیں جس میں مجموعی طور پر 4 کلو 432 گرام منشیات برآمد کی گئی۔ برآمد شدہ منشیات میں ایک کلو 682 گرام کوکین، 2 کلو آئس اور 750 گرام ویڈ شامل ہے۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق گرفتار ملزمان جڑواں شہروں میں نوجوانوں، خصوصاً تعلیمی اداروں کے طلباء کو منشیات فروخت کرنے والے منظم نیٹ ورک کا حصہ تھے۔ ابتدائی تحقیقات میں انکشاف ہوا ہے کہ گرفتار نائجیرین ملزمان میں سے 2 پہلے ہی منشیات کے مقدمے میں ضمانت پر تھے۔ اے این ایف نے منشیات کے بین الاقوامی نیٹ ورک کی مسلسل خفیہ نگرانی کے بعد کامیاب کارروائیاں کیں۔

بقیہ 38

کنکشن فراہم کر دیئے ہیں۔ لیسکو کی جانب سے کنکشن فراہمی کے بعد 2 الیکٹرک وہیکلز چارجنگ اسٹیشنز آپریشنل کر دیئے گئے ہیں، جبکہ لاہور میں 60 سے 202 کلوواٹ لوڈ کے مطابق مختلف چارجنگ اسٹیشنز فعال ہو چکے ہیں۔ لیسکو کے شعبہ میراڈ نے الیکٹرک وہیکلز چارجنگ اسٹیشنز کو بروقت بجلی کی فراہمی میں اہم کردار ادا کیا، جبکہ کمپنی نے شعبہ میراڈ کو چارجنگ اسٹیشنز کو جلد از جلد آپریشنل کرنے کا خصوصی ٹاسک بھی دیا ہے۔

بقیہ 39

تجارت چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایرانی قونصل جنرل نے لاہور میں اپنے عرصہ تعیناتی کے دوران پنجاب اور ایران کے مابین معاشی تعاون بڑھانے کیلئے لائق تحسین کاوشیں کیں، ہم ایرانی قونصل جنرل مہران مواحد فر کی کاوشوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ بدقسمتی سے ایران امریکہ کشیدگی کے باعث دوطرفہ معاشی تعاون کے فروغ میں خاطر خواہ پیش رفت نہ ہوسکی۔ ایران اور امریکہ کے مابین کشیدگی کم ہوگی تو میں ایران کا دورہ کروں گا۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت نے کہا کہ ایران کے سرمایہ کار زراعت، انرجی اور دیگر شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھائیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے انڈسٹریل اسٹیٹس کے حوالے سے نئی صنعتی پالیسی دی ہے۔ انڈسٹریل اسٹیٹس میں صنعتی یونٹ لگانے کیلئے اب 2 لاکھ روپے فی ایکڑ ماہانہ رینٹ پر اراضی حاصل کی جاسکتی ہے۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ امام خمینی ٹرسٹ ہسپتال گجرات میں قائم کرنے کا جائزہ بھی لیا جائے، ہسپتال کیلئے درکار زمین فراہم کی جائے گی صوبائی وزیر نے بتایا کہ اگلے سال ظہور الٰہی اسٹیڈیم گجرات میں 3 ملکی کبڈی ٹورنامنٹ کروایا جائے گا۔ کبڈی ٹورنامنٹ میں پاکستان، کینیڈا اور ایران کی کبڈی ٹیمیں حصہ لیں گی۔

بقیہ 40

ہوگئے۔ پولیس کے مطابق دریائے سندھ پر سونے کی غیر قانونی مائننگ کیخلاف آپریشن کے دوران گولڈ مائننگ ایریا گمبٹ میں پولیس اور مسلح افراد میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ فائرنگ میں 12 پولیس اہلکار زخمی ہوئے، جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا، زخمیوں میں ڈی ایس پی حیدر زمان، ایس ایچ او گمبٹ ایاز آفریدی بھی شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق مسلح افراد نے ایک پولیس موبائل کو بھی جلا دیا۔

بقیہ 41

شناخت ملزمان کا کریمنل ڈیٹا سسٹم میں موجود ہے جبکہ ملزمان کے شناختی کارڈ بھی بلاک ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر نادرا فہد کا یونیورسٹی ٹاؤن سے تعاقب کیا گیا جو اپنی بلٹ پروف گاڑی میں حیات آباد تک آئے، ملزمان نے مبینہ طور پر دشمنی میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر کو قتل کیا، نادرا اسسٹنٹ ڈائریکٹر پر قتل والے مقام کی کئی بار ریکی کی گئی۔ ایس ایس پی انویسٹیگیشن کے مطابق مقتول بلٹ پروف گاڑی استعمال کرتے تھے اس لیے مرکزی ملزم نے اپنے ساتھی کو سواری بنا کر نادرا دفتر تک گاڑی کا تعاقب کیا، شوٹر گھر سے نادرا آفس تک اسسٹنٹ ڈائریکٹر کا پیچھا کرتے رہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان 6 نومبر کو علاقہ حیات آباد میں نادرا دفتر کے باہر اسسٹنٹ ڈائریکٹر فہد کو قتل کر کے فرار ہوئے تھے۔

بقیہ 42

ہوجاتی ہے، حکومت کو کوئی خطرہ نہیں اور نہ سیاسی تبدیلی سے متعلق خبریں محض افواہیں ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ لوگ ہر وقت اپنی سی وی لے کر بیٹھے رہتے ہیں اور بہترین متبادل بننے کی خواہش رکھتے ہیں تاہم اس میں کوئی برائی نہیں۔ چوہدری سالک حسین کی جانب سے پنجاب میں مبینہ کرپشن کے الزامات پر ردعمل دیتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ وفاقی وزیر نے خود تسلیم کیا ہے کہ ان کے پاس الزامات کے کوئی ثبوت نہیں۔ چوہدری سالک نے دعوی کیا کہ کرپشن سے الماریاں بھرگئی ہیں لیکن ثبوت کوئی نہیں دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہر شخص اپنی کہانی لے کر بیٹھا ہے، چوہدری سالک نے بھی ایک بات کی، لیکن جب ان کے پاس ثبوت نہیں تو ایسی باتیں کہاں سے سنیں؟ یقیناً یہ باتیں ادھر ادھر سے آتی ہیں۔

بقیہ 43

نے سائبر کرائم کی اقسام، آن لائن فراڈ، مالی دھوکہ دہی، آن لائن ہراسانی، بلیک میلنگ، جعلی سوشل میڈیا اکاؤنٹس، ذاتی ڈیٹا اور سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے تحفظ اور محفوظ انٹرنیٹ کے استعمال کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی، طلباء کو پیکا ایکٹ 2016 (ترمیم شدہ 2025) اور این سی سی آئی اے پورٹل و ہیلپ لائن پر شکایات درج کرانے کے طریقہ کار کے بارے میں بھی آگاہ کیا گیا، سیشن میں طلباء اور اساتذہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور این سی سی آئی اے کی آگاہی مہم کو سراہا۔

بقیہ 44

کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 45

ہوتا ہے، 2022ء کے سیلاب سے پاکستان کو 14.9 ارب ڈالر کا براہ راست نقصان ہوا، سیلاب سے ملکی معیشت کو 15.2 ارب ڈالر کا نقصان پہنچا۔ سیلاب نے 91 لاکھ افراد کو غربت میں دھکیل دیا۔ پروگرام کے تحت سیلاب اور زلزلوں کے بعد پاکستان کو فوری مالی مدد مل سکے گی، آفات سے پہلے تیاری انسانی جانوں اور روزگار کے تحفظ میں مددگار ہے۔

بقیہ 46

شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق عظام عارف نے نیشنل یونیورسٹی آف کمپیوٹر اینڈ ایمرجنگ سائنسز (فاسٹ) اسلام آباد سے سائبر سیکورٹی میں بیچلرز کی ڈگری مکمل کی۔ انہوں نے 2026ء میں ہواوے آئی ٹی مقابلے میں اپنی ٹیم کے ہمراہ حصہ لیا۔ ہواوے کی جانب سے منعقد ہونے والے اس بین الاقوامی مقابلے میں دنیا بھر کی یونیورسٹیوں اور ممالک کے طلبہ مصنوعی ذہانت سمیت جدید ٹیکنالوجیز کے ذریعے حقیقی دنیا کے مسائل کے حل پیش کرتے ہیں۔ عظام عارف اور ان کی ٹیم نے اس مقابلے کے لیے "روٹ ہنٹر" کے نام سے ایک پروجیکٹ تیار کیا، جس کا بنیادی مقصد سائبر حملوں کی نشاندہی، ان کی تحقیقات اور سائبر سیکورٹی واقعات سے نمٹنے کے عمل کو خودکار بنانا ہے۔

بقیہ 47

دی گئی انکوائری کمیٹی کے چیئرمین ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان مقرر کیے گئے ہیں جبکہ ڈی آئی جی لاجسٹکس زبیر دریشک اور ڈی آئی جی فنانس تنویر عالم اوڈھو بھی کمیٹی میں شامل ہیں۔ واضح رہے کہ صدارتی قافلے میں شامل ٹویوٹا ریوو ڈبل کیبن گاڑی میں خرابی پیدا ہوئی تھی۔ تحقیقات میں اس بات کا تعین کیا جائے گا کہ ناکارہ اور خراب گاڑی صدارتی قافلے میں کیسے شامل ہوئی؟ حکم نامے کے مطابق گاڑی کے معائنے اور ڈیوٹی پر تعیناتی کے ذمہ دار افسران کی نشاندہی کی جائے گی، جبکہ گاڑی میں پہلے سے موجود تکنیکی خرابیوں اور مرمت کے ریکارڈ کی بھی جانچ ہوگی۔ حکم نامے میں اسپیشل سکیورٹی یونٹ کے بجٹ اور فنڈز کے استعمال کی تحقیقات کا بھی حکم دیا گیا ہے۔

بقیہ 48

صحافیوں سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیف سکیورٹی آفیسر ملک محمد نعیم اور پبلک ریلیشنز آفیسر وقار الحق بھی موجود تھے۔ ڈی پی او علی بن طارق نے کہا کہ پولیس اور صحافیوں کا بنیادی مقصد معاشرے سے جرائم کا خاتمہ اور عوام کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے۔ دونوں شعبے اپنی اپنی ذمہ داریوں کے دائرے میں رہتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ صحافیوں کی مثبت نشاندہی سے پولیس کو اپنی کارکردگی بہتر بنانے اور خامیوں کی اصلاح کا موقع ملتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اٹک پولیس میں کالی بھیڑوں اور محکمے کی بدنامی کا سبب بننے والے افسران واہلکاروں کی کوئی گنجائش نہیں، اگر کوئی افسر یا ملازم کسی ناجائز یا غیر قانونی سرگرمی میں ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ 49

انکوائری کا مطالبہ کیا ہے، جبکہ دانش سکولز اتھارٹی نے الزامات مسترد کر دیے ہیں۔ انہوں نے اٹک پریس کلب (رجسٹرڈ) میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ ریٹائرمنٹ کے بعد 2017ء میں ان کی بطور ایڈمن آفیسر دانش سکول جنڈ میں تعیناتی ہوئی۔ ان کے مطابق دانش سکولز کا قیام سابق وزیراعلیٰ پنجاب محمد شہباز شریف کے وژن کے تحت غریب، یتیم اور بے سہارا بچوں کو ایچی سن کالج کے معیار کے مطابق معیاری تعلیم فراہم کرنے کے لیے عمل میں لایا گیا تھا، جہاں طلبہ کو بہترین تعلیمی ماحول، عمارتیں، کھیلوں کے میدان، مفت کتابیں، یونیفارم اور معیاری خوراک فراہم کرنے کا تصور پیش کیا گیا تھا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ ادارے میں تعلیمی معیار اس وژن کے مطابق برقرار نہیں رکھا جاسکا۔

بقیہ 50

پہلے مرحلے میں 10 مختلف روٹس پر 30 پنک الیکٹرک بسیں چلائی جائیں گی، خواتین کیلئے مختص بس سے سفری مشکلات میں کمی آئے گی۔ حکام کے مطابق اسلام آباد کی الیکٹرک بسوں میں روزانہ سوا لاکھ مسافر سفر کررہے ہیں۔

بقیہ 51

کراچی اور کراچی گالف کلب کے صدر وائس ایڈمرل فیصل عباسی تھے، جنہوں نے چیمپئن شپ کا افتتاح کیا۔ ایونٹ کے لیے ایک کروڑ 41 لاکھ روپے کی ریکارڈ انعامی رقم مختص کی گئی ہے، جبکہ ہول اِن ون کا کارنامہ انجام دینے والے گالفر کو لگژری گاڑی انعام میں دی جائے گی۔ چیمپئن شپ میں ملک بھر سے نامور گالفرز شرکت کر رہے ہیں۔ مقابلوں میں پروفیشنلز، سینئر امیچرز، جونیئر امیچرز، لیڈیز امیچرز، ویٹرنز اور پروامیچرز کیٹیگریز شامل ہیں۔ 72 ہولز پر مشتمل پروفیشنل، امیچر اور سینئر امیچر مقابلے 12 سے 16 نومبر تک کھیلے جائیں گے، جبکہ فائنل اور اختتامی تقریب 15 نومبر کو منعقد ہوگی، جس میں چیف آف دی نیول اسٹاف مہمان خصوصی ہوں گے۔ چیمپئن شپ کے مقابلے 4 نومبر سے جاری ہیں۔ اب تک سینئر خاتون گالفر حمیرا خالد ویمن ایونٹ اپنے نام کرچکی ہیں، جبکہ لیفٹیننٹ جنرل (ر) آفتاب احمد خان نے ویٹرنز کا گراس ایونٹ جیت لیا ہے۔

بقیہ 52

شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے لاہور عاطف امیر نے کی، کھلی کچہری میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شہریوں نے آن لائن فراڈ، مالی دھوکہ دہی، آن لائن ہراسانی، بلیک میلنگ، جعلی سوشل میڈیا اکاؤنٹس، نجی تصاویر و ویڈیوز کے غلط استعمال اور ذاتی ڈیٹا کی چوری سمیت مختلف سائبر جرائم سے متعلق اپنی شکایات اور مسائل پیش کیے، ایڈیشنل ڈائریکٹر عاطف امیر نے شہریوں کے مسائل کو انتہائی غور سے سنا۔ متعدد شکایات پر موقع پر ہی احکامات جاری کیے گئے جبکہ دیگر پیچیدہ شکایات پر متعلقہ انکوائری افسران کو فوری کارروائی، شفاف انکوائری اور مقررہ وقت میں رپورٹ پیش کرنے کی سخت ہدایت کی گئی۔ کھلی کچہری کے دوران شہریوں کو سائبر جرائم سے بچاؤ کے حوالے سے آگاہی بھی دی گئی۔ انہیں بتایا گیا کہ کسی بھی نامعلوم کال، لنک یا پیغام پر اپنی ذاتی یا بینکنگ معلومات شیئر نہ کریں، سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر مضبوط پاس ورڈ اور ٹو فیکٹر اتھنٹیکیشن کا استعمال کریں اور شکایات درج کرانے کے لیے این سی سی آئی اے پورٹل اور ہیلپ لائن کا استعمال کریں، شہریوں نے کھلی کچہری کے انعقاد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے این سی سی آئی اے کی کاوشوں کو سراہا، اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی کا اس موقع پر یہ کہنا تھا کہ شہریوں کے مسائل کا بروقت حل اور انصاف کی فوری فراہمی این سی سی آئی اے کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 53

کی تیاری کے لیے پبلشرز اور مصنفین کی رہنمائی کرنا تھا۔ نیشنل بک فاؤنڈیشن کے مینیجنگ ڈائریکٹر ڈاکٹر کامران جہانگیر نے ابتدائی کلمات میں کہا کہ معیاری، جدید اور مستقبل کے تعلیمی تقاضوں سے ہم آہنگ درسی کتب کی تیاری وقت کی اہم ضرورت ہے، اس مقصد کے لیے نیشنل بک فاؤنڈیشن، نیشنل کریکولم کونسل اور نجی شعبے کے پبلشرز و مصنفین کے اشتراک سے منصوبے کو مقررہ اہداف کے مطابق بروقت مکمل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ درسی کتب کی تیاری میں نجی شعبے، بالخصوص پبلشرز اور مصنفین کی شمولیت نہایت اہم ہے اور ان کے تجربے، مہارت اور تخلیقی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھا کر معیاری تعلیمی مواد تیار کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے وفاقی وزیر برائے تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، وزیر مملکت وجیہہ قمر، پارلیمانی سیکرٹری رابعہ نسیم فاروقی اور وفاقی سیکرٹری تعلیم ندیم محبوب کی رہنمائی اور ہدایات کے مطابق اس قومی تعلیمی منصوبے کو آگے بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔ نیشنل کریکولم کونسل کی ڈائریکٹر ڈاکٹر تبسم ناز نے قومی نصاب پاکستان 2026ء کے وژن، بنیادی فلسفے، ترجیحات اور مستقبل کے تعلیمی اہداف پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ قومی نصاب کی تشکیل کا مقصد طلبہ کی علمی، فکری، تخلیقی اور عملی صلاحیتوں کو نکھارنا اور انہیں جدید تعلیمی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہے۔

بقیہ 54

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا فلیگ شپ پروگرام ہے اور عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے حکومت پنجاب خطیر رقم خرچ کر رہی ہے، لہٰذا صفائی ستھرائی کے معیار پر ہرگز سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے فیلڈ سپروائزرز کو صفائی کے بہترین انتظامات ہر صورت یقینی بنانے اور فیلڈ مانیٹرنگ کے نظام کو مؤثر بناتے ہوئے صفائی کے امور کی کڑی نگرانی کرنے کی ہدایت کی۔

ایل پی جی کی قیمت مقرر کرنے کا اختیار اوگرا سے لے لیا گیا

لاہور (این این آئی) ایل پی جی مافیا کو کنٹرول کرنے اور عوام کو سستی سرکاری قیمت پر ایل پی جی فراہم کرنے کے لیے ایل پی جی قیمت کا تعین اوگرا کے بجائے پی ایس او سمیت دیگر کمپنیوں پر مشتمل بنائی جانے والی کمپنی کرے گی، قیمت مقرر کرنے کے اختیارات اوگرا سے لے لیے گئے۔ ایل پی جی کی فروخت صرف قوانین کے تحت بننے والے ایل پی جی پمپس اور دکانوں سے ہوگی جبکہ غیر قانونی طور پر ایل پی جی فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی شروع ہوگئی، عوام خالی سلنڈر دکاندار کو دے گی اور بھرا ہوا سلنڈر لے جائے گی تاکہ عوام کو حادثات سے بچایا جائے۔ حکومت کمپنیوں کے ساتھ مل کر سستے اور معیاری سلنڈر مارکیٹ میں فروخت کرے گی۔ ایل پی جی مافیا سے عوام کی جان چھڑانے کے لیے حکومت نے اقدامات شروع کر دیے، اب اوگرا کے بجائے پی ایس او، سوئی گیس اور آئل کمپنیوں پر مشتمل نئی کمپنی ایل پی جی کی قیمت کا تعین کیا کرے گی۔

UNIVERSAL SERVICE FUND
EMPOWERING COMMUNITIES

Ministry of Information Technology & Telecommunication
DIGITAL PAKISTAN

INVITATION TO e-BID
Appointment of External Auditors 2026-27
Tender ID: USF/TDRS/FIN/2026-27/11

Universal Service Fund, invites electronic bids from the original manufacturers authorized distributors, registered with Income Tax and Sales Tax Department for **appointments of external auditors 2026-27.**

2. e-bidding documents as per regulations, containing detailed terms and conditions, specifications and requirements etc. are available for the registered bidders on EPADS v2.0 at (**www.eprocure.gov.pk**) or **www.usf.org.pk**
3. The electronic bids must be submitted by using EPADS v2.0 on or before 11:00 AM. (PST), 23rd November 2026. **Manual bids** shall not be accepted. Electronic Bids will be opened on the same day at 11:30 AM. (PST), 23rd November 2026.

Note: In case of any technical difficulty in using EPADS v2.0 prospective bidders may contact PPRA at **https://www.ppra.org.pk/**

Head of Procurement Department
Universal Service Fund,
Office # 310-312, 3rd Floor, Evacuee Trust Complex,
Sector F-5/1, Islamabad, Pakistan
Tel: (92-51) 9212308-09
Fax: (92-51) 9214261

URAAN PAKISTAN

PID(I)4336/26

وزیراعلیٰ مریم نواز کے دورے سے قبل ضلعی انتظامیہ متحرک

ڈپٹی کمشنر ندیم ناصر کی زیر صدارت اجلاس، کے پی آئیز، ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاحی اقدامات پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ

تمام افسران اپنی ذمہ داریاں پوری محنت اور پیشہ ورانہ انداز میں ادا کریں، فیلڈ میں عملی اقدامات کو یقینی بنائیں، ندیم ناصر

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت کے پی آئیز پر پیش رفت اور ضلعی سطح پر جاری ترقیاتی و عوامی فلاحی اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تمام ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز، سیکرٹری آر ٹی اے، ایم ڈی واسا، سی ای او ضلع کونسل، میونسپل کارپوریشن اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں گزشتہ اجلاسوں میں دی گئی ہدایات پر عملدرآمد اور مختلف محکموں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے اپنے اپنے محکموں کی جانب سے (بقیہ نمبر 7)



صوبائی وزیر ہوم جیئر مین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق اور صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ حکمہ داخلہ میں بابا گورونانک کے جنم دن کے انتظامات بارے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعظم کی کوپ 31 کانفرنس ہال آمد پر پرتپاک استقبال

کانفرنس میں شریک عالمی رہنماؤں سے ملاقات، مصافحہ اور خیر سگالی کے تبادلے

اٹھالیہ (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی COP31 سربراہی اجلاس میں شرکت کیلئے COP31 کانفرنس ہال آمد پر پرتپاک استقبال کیا گیا۔ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کا پرتپاک استقبال کیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کا COP31 کانفرنس (بقیہ نمبر 15)


لاہور، موٹر سائیکل سوار طالبہ سموگ سے بچنے کے لئے ماسک پہنے اپنی منزل کی جانب گامزن ہے

رمضان المبارک 2027 کے آغاز اور اختتام کی تاریخیں سامنے آگئیں

فلکیاتی حسابات کے مطابق پہلا روزہ 9 فروری کو ہونے کا امکان ہے

مکو آنہ (این این آئی) پاکستان میں رمضان المبارک 2027 کے آغاز اور اختتام کی ممکنہ تاریخیں سامنے آگئیں، فلکیاتی حسابات کے مطابق پہلا روزہ 9 فروری کو ہونے کا امکان ہے۔ تفصیلات کے مطابق رمضان المبارک کا چاند 8 یا 9 فروری (بقیہ نمبر 17)

پاکستان کو ایل این جی درآمد کیلئے مہنگی ترین بولیاں موصول

موصولہ پیشکشوں میں ایک ایل این جی کارگو کی قیمتوں کا فرق بھی نمایاں ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی آئندہ 2 ماہ کیلئے مائع قدرتی گیس کی درآمد مہنگے سودوں کی زد میں آگئی، جہاں عالمی سپلائرز نے اسپاٹ خریداری کیلئے بھاری بولیاں دی ہیں۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق پاکستان ایل این جی لمیٹڈ نے دسمبر اور جنوری میں ترسیل کیلئے موصول ہونے والی تجارتی پیشکشوں کی تفصیلات جاری کر دی ہیں۔ موصولہ پیشکشوں (بقیہ نمبر 18)


کراچی: ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان کو بوہرہ بازار ٹریڈرز ایسوسی ایشن کا وفد شیلڈ پیش کر رہا ہے

ہمدرد شوریٰ کا اجلاس سائبر کرائم کا بڑھتا ہوا خطرہ پر اہم تجاویز و تشویش کا اظہار

بچوں کو ڈیجیٹل خطرات سے بچانے کے لئے اسکولوں میں سائبر سیکورٹی تعلیم اور اجتماعی اقدامات کی اشد ضرورت

اسکولوں میں سائبر سیکیورٹی تعلیم کا نفاذ اور ڈیجیٹل آگاہی وقت کی اہم ضرورت ہے، سعدیہ راشد، عمار جعفری و دیگر

راولپنڈی (این ای این) ہمدرد فاؤنڈیشن پاکستان کے زیر اہتمام ہمدرد مرکز راولپنڈی میں ہمدرد شوریٰ کا اجلاس معصوم بچے اور سائبر کرائم کا بڑھتا ہوا خطرہ کے موضوع پر منعقد ہوا اجلاس کے مہمان خصوصی سابق ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل FIA اور چیئرمین آف پاکستان ٹیلنٹل سائبر سکیورٹی ٹاسک فورس سید عمار جعفری تھے قومی صدر ہمدرد فاؤنڈیشن پاکستان سعدیہ راشد نے اپنے پیغام میں کہا کہ اگرچہ جدید ڈیجیٹل دور میں انٹرنیٹ، سماجی رابطوں کی ویب سائٹس، آن لائن کھیلوں اور مصنوعی ذہانت نے بچوں کے لئے مواقع پیدا کیے ہیں مگر ان (بقیہ نمبر 10)


لاہور، صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، سیکرٹری صحت عظمت محمود بھی موجود ہیں

آبادگاروں کو 17 ارب روپے سبسڈی دینے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے ربیع سیزن کے لیے سندھ ویٹ گرووز سپورٹ پروگرام کے تحت آبادگاروں کو سبسڈی کی رقم 20 نومبر کو جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری 20 نومبر کو وزیراعلیٰ ہاس میں سندھ ویٹ گرووز سپورٹ پروگرام کے تحت آبادگاروں میں سبسڈی رقم کی فراہمی کا افتتاح کریں گے۔ وزیر زراعت سندھ سردار محمد بخش خان مہر نے بتایا کہ اس سلسلے میں تقریب منعقد کی جائے گی جس (بقیہ نمبر 28)

سی ڈی اے نے بری امام ہاؤس عمارت کو قبضے کی جگہ پر قرار دیدیا

بری امام ہاؤس نامی کوئی عمارت ہماری سرکاری ریکارڈ پر موجود نہیں ہے، سی ڈی اے

اسلام آباد (این این آئی) سی ڈی اے نے بری امام ہاس عمارت کو قبضے کی جگہ پر قرار دے دیا۔ اسلام آباد کنٹینمنٹ ڈیولپمنٹ اتھارٹی نے ایک متفرق درخواست کے ذریعے اسلام آباد ہائیکورٹ میں جواب جمع کروایا جس میں کہا گیا کہ بری امام ہاس نامی کوئی عمارت ہمارے ریکارڈ میں موجود نہیں ہے اور نور پور شاہان کی زمین سی ڈی اے ماضی میں (بقیہ نمبر 24)

ڈی پی او چکوال محمد عاصم کا پولیس لائنز کا دورہ

چکوال (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال محمد عاصم نے پولیس لائنز چکوال کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف شعبہ جات، تنصیبات اور انتظامی امور کا تفصیلی معائنہ کرتے ہوئے مجموعی انتظامات کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈی پی او چکوال نے ایم ٹی سیکشن کا معائنہ کیا اور سرکاری گاڑیوں کی فٹنس اور متعلقہ ریکارڈ چیک کیا۔ انہوں نے ہدایت کی (بقیہ نمبر 16)

غوثپور کے قریب پلاٹ کی ملکیت پر تنازعہ

سندرانی اور سید برادری میں تصادم، ڈنڈوں کے وار سے چار افراد زخمی

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) غوثپور کے قریب گاؤں ڈڑی سندرانی میں پلاٹ کی ملکیت کے تنازع پر سندرانی اور سید برادری کے دو گروپوں کے درمیان جھگڑا ہوگیا، جس کے دوران ڈنڈوں کے وار سے سید برادری کے تین افراد غوث علی شاہ، اکبر شاہ اور وقار شاہ جبکہ سندرانی برادری کا ایک شخص شبیر سندرانی شدید زخمی ہوگیا واقعے کے بعد دونوں گروپوں کے زخمی ہونے والے چاروں افراد کو ان کے ورثاء نے فوری طور پر رورل ہیلتھ (بقیہ نمبر 13)

ڈمپر اور رکشہ کے درمیان تصادم، دو افراد جاں بحق، پانچ زخمی

اٹک (این این آئی) تحصیل فتح جنگ کے علاقے ڈھوک ماڑی کے قریب کوہاٹ روڈ پر ڈمپر اور رکشہ کے درمیان تصادم کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق جبکہ پانچ زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق حادثے میں سات افراد زخمی ہوئے، اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی ایمبولینس فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچ گئی، تاہم ریسکیو اہلکاروں کے پہنچنے سے قبل پانچ زخمیوں کو نجی گاڑیوں کے ذریعے ٹی ایچ کیو ہسپتال فتح جنگ منتقل کیا جا چکا تھا۔

قتل کے مقدمے کا فیصلہ، دو مجرمان کو سزائے موت اور 10،10 لاکھ روپے ہرجانہ

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں قتل کے مقدمے کا فیصلہ سناتے ہوئے معزز عدالت نے دو مجرمان کو سزائے موت سنا دی، جبکہ ہر مجرم کو 10،10 لاکھ روپے ہرجانہ ادا کرنے کا بھی حکم دیا ہے۔ راولپنڈی پولیس کے مطابق مجرمان عمر اور تیمور نے سابقہ دشمنی پر فائرنگ کر کے ایک شہری کو قتل کیا تھا، جس کا مقدمہ ستمبر 24 میں تھانہ چونترہ میں درج کیا گیا تھا۔


انقرہ: ترک صدر رجب طیب اردوان اور اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوٹیرس اٹھالیہ میں کوپ 31 لیڈرز سمٹ آمد پر وزیراعظم محمد شہباز شریف کا استقبال کر رہے ہیں

ریسکیو 1122 مری کا سنو فال ایمرجنسی کور پلان مکمل

ڈپٹی کمشنر مری اور سیکرٹری ایمرجنسی سروسز کی ہدایات پر PDMA کے تعاون سے تمام فیلڈ عملہ، ایمبولینسز اور ریسپانس اسکواڈز 24 گھنٹے تیار

سرمائی سیزن اور برفباری کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کریں، غیر ضروری سفر سے گریز کریں، ریسکیو 1122 مری

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی ہدایات کی روشنی میں سرمائی سیزن اور برفباری کے دوران شہریوں اور سیاحوں کو بروقت اور مؤثر امدادی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ریسکیو 1122 مری نے سنو فال ایمرجنسی کور پلان کے تحت تمام تر تیاریاں مکمل کر لی ہیں۔ سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر (ستارہ امتیاز) اور ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی ہدایات پر صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (PDMA) کے جاری کردہ سرمائی حفاظتی و ہنگامی (بقیہ نمبر 11)


کراچی: پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے ہمراہ سندھ اسمبلی کے رکن ساجد جوکھیو اور بیرسٹر شاہد جوکھیو کا بلاول ہاؤس میں ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

ایک ماہ میں 716 طالبات کو مفت سکوٹی چلانے کی تربیت فراہم

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کے مطابق طالبات کو بااختیار اور خودمختار بنانے کیلئے اقدامات جاری ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایت پر طالبات کے لئے دو روزہ مفت سکوٹی ڈرائیونگ ٹریننگ جاری، شہر میں قائم پانچ سکوٹی سکولز سے ایک ماہ کے دوران 716 طالبات کو فری سکوٹی ٹریننگ دی گئی۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق ڈرائیونگ سکول ایل او ایس فیروز پور سے خواتین ہمہ وقت فری ڈرائیونگ ٹریننگ حاصل کر سکتی ہیں۔

پرتشدد کارروائی کی منصوبہ بندی، پی ٹی آئی کی خاتون رہنما گرفتار

لاہور (این این آئی) مشتعل جتھہ تیار کر کے پولیس اور اسلام آباد کی جانب پرتشدد کارروائی کی منصوبہ بندی کے الزام میں ڈیفنس میں درج مقدمہ کی نامزد ملزمہ فاطمہ حیدر کو لاہور سے گرفتار کر لیا گیا۔ تحریک انصاف سے تعلق رکھنے والی فاطمہ حیدر کو منصوبہ بندی کا ماسٹر قرار دیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ملزمہ کو کنز روڈ لاہور کے قریب سے گرفتار کیا گیا۔ پولیس کے مطابق پی ٹی آئی کی خاتون رہنما کی مشتعل جتھے تیار کرنے کی مبینہ آڈیو بھی سامنے آئی تھی۔

این سی سی آئی اے سرکل ملتان کی بڑی اور مؤثر کارروائی

آن لائن فراڈ کی شکار خاتون کی 7 لاکھ 11 ہزار روپے کی مکمل رقم ملزمان سے برآمد

متاثرہ خاتون کو مکمل رقم کی واپسی پر این سی سی آئی اے کا شکریہ

شہریوں کو آن لائن فراڈ سے بچانا اور متاثرین کو ان کی رقم واپس دلانا اولین ترجیح ہے

اسلام آباد (این این آئی) این سی سی آئی اے سرکل ملتان کی بڑی اور مؤثر کارروائی، آن لائن فراڈ کی شکار خاتون کی 7 لاکھ 11 ہزار روپے کی مکمل رقم ملزمان سے برآمد کر کے واپس کر دی گئی جبکہ ڈی جی این سی سی آئی اے نے کہا ہے کہ متاثرہ خاتون کو مکمل رقم کی واپسی پر این سی سی آئی اے کا شکریہ، شہریوں کو آن لائن فراڈ سے بچانا اور متاثرین کو ان کی رقم واپس دلانا اولین ترجیح ہے۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی سرکل ملتان نے آن لائن فراڈ کے خلاف بڑی اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے متاثرہ خاتون (بقیہ نمبر 25)

کراچی: ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان کو بوہرہ بازار ٹریڈرز ایسوسی ایشن کا وفد شیلڈ پیش کر رہا ہے

شاہکوٹ، طالبات کے لیے نئے کلاس رومز کا افتتاح

نمایاں طالبات اور بہترین کارکردگی دکھانے والے اساتذہ میں سرٹیفکیٹس تقسیم

شاہکوٹ (میاں داؤد) ایم پی اے وچیف وہپ پنجاب اسمبلی الحاج رانا محمد ارشد نے گورنمنٹ ہائی سیکنڈری سکول تحصیل شاہکوٹ میں طالبات کے لیے نئے تعمیر ہونے والے کمروں کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر منعقدہ تقریب میں تعلیمی میدان میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات اور بہترین کارکردگی دکھانے والے اساتذہ میں سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کیے گئے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رانا محمد ارشد نے کہا کہ تعلیم معاشرے کی ترقی (بقیہ نمبر 14)

کراچی: عبداللہ ہارون روڈ پر ایک مصور دیوار پر پینٹنگ کر رہا ہے

چکوال، غیر قانونی انٹرنیٹ کیبلز اور تاریں خود ہٹا لیں

بصورت دیگر مالکان کے خلاف مقدمات درج ہوں گے، ایس ای واپڈا

چکوال (این این آئی) ایس ای واپڈا چکوال سرکل وحید احمد عباسی نے میڈیا پورٹس پر ایکسین واپڈا چکوال سے رپورٹ طلب کر لی ہے اور اس ضمن میں چکوال شہر کے تمام سب ڈویژنوں اور ایکسینز کا اعلیٰ سطح کا اجلاس جمعہ کو طلب کر لیا ہے۔ اجلاس میں چکوال شہر کے اندر غیر قانونی انٹرنیٹ کیبلز اور تاروں کے خلاف اب تک کیے جانے والے آپریشن کی رپورٹ کی روشنی میں آئندہ کا لائحہ عمل تیار کیا جائے گا۔ ایس ای واپڈا نے دوٹوک الفاظ میں کہا ہے (بقیہ نمبر 26)


لاہور: محنت کش بچے پھیری لگا کر کوٹ فروخت کر رہے ہیں

مرید کے، بجلی کا کرنٹ لگنے سے 16 سالہ نوجوان جاں بحق

کالا شاہ کاکو (این این آئی) تھانہ سٹی مرید کے کی حدود میں واقع نجی ہاسنگ سوسائٹی میں بجلی کے کھمبے سے کرنٹ لگنے کے باعث 16 سالہ عبدالرحمٰن جاں بحق ہوگیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے نوجوان کو فوری طور پر تحصیل ہیڈکوارٹرز اسپتال منتقل کیا، جہاں وہ دوران علاج دم توڑ گیا۔ پولیس نے ضروری کارروائی مکمل کرنے کے بعد میت ہاسنگ سوسائٹی انتظامیہ کے حوالے کر دی۔

ضلع خیر پور میں تیل و گیس کے نئے ذخائر دریافت

خیر پور (این این آئی) ضلع خیر پور میں تیل و گیس کے نئے ذخائر دریافت کر لیے گئے۔ او جی ڈی سی ایل نے ضلع خیر پور میں تیل و گیس کے نئے ذخائر دریافت کیے ہیں جن کی تفصیلات پاکستان سٹاک ایکسچینج میں جمع کرا دی گئی ہیں۔ او جی ڈی سی ایل کے مطابق بٹر سیم نارتھ ویسٹ 1- کنویں سے یومیہ ایک کروڑ 28 لاکھ مکعب فٹ گیس حاصل ہوئی، یومیہ 175 بیرل کنڈنسیٹ حاصل ہوگا۔ او جی ڈی سی ایل کے مطابق نئی دریافت سے پاکستان کے مقامی گیس ذخائر میں اضافہ ہوگا، دریافت شدہ (بقیہ نمبر 20)

ریسکیو 1122 انٹراڈسٹرکٹ CERT سکلز مقابلے کا انعقاد

چوآسیدن شاہ میں ریسکیو 1122 کے زیر اہتمام کمیونٹی ایمرجنسی ریسپانس ٹیمز کے ضلعی مقابلے، رضاکاروں کی عملی مہارتوں کا شاندار مظاہرہ

معروف سماجی شخصیت راجہ مجاہد افسر آف ڈنڈوت مہمانِ خصوصی، نمایاں کارکردگی دکھانے والی ٹیم نیشنل CERT چیلنج میں ضلع چکوال کی نمائندگی کرے گی

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد سے) سیکرٹری پنجاب ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر چکوال انجینئر حمزہ علی خان کی زیر نگرانی سب اسٹیشن ریسکیو 1122 چوآسیدن شاہ میں انٹراڈسٹرکٹ کمیونٹی ایمرجنسی ریسپانس ٹیمز (CERT) سکلز مقابلے کا انعقاد کیا گیا، جس میں ضلع چکوال کی مختلف تحصیلوں سے تعلق رکھنے والی تربیت یافتہ رضاکار ٹیموں نے شرکت کرتے (بقیہ نمبر 8)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید کمی کی جاسکتی ہے، حافظ نعیم

ہم احتجاج نہ کرتے تو حکومت پیٹرول 500 روپے لیٹر پر لے جاتی

لاہور (این این آئی) امیر جماعتِ اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ جماعتِ اسلامی کے دباؤ کے باعث حکومت نے عوام کو ریلیف دیا، اگر جماعتِ اسلامی احتجاج نہ کرتی تو حکومت پیٹرول کی قیمت 500 روپے فی لیٹر تک پہنچا دیتی۔ منصورہ میں میڈیا سے گفتگو میں حافظ نعیم الرحمٰن نے بتایا کہ حکومت سے مطالبہ کیا کہ بڑی گاڑیوں پر ٹیکس عائد کیا جائے، کیونکہ جو ہاتھی پالتا ہے وہ اس کا بوجھ بھی اٹھا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی ادارے اور (بقیہ نمبر 19)

تیراہ سے افغان نیشنل آرمی کا تربیت یافتہ دہشت گرد گرفتار

گرفتار خارجی کی شناخت حکمت اللہ عرف حمزہ کے نام سے ہوئی ہے

پشاور (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی خیبر پختون خوا عباس احسن اور ترجمان علاقائی ترقی کونسل محمود جان بابر نے کہا ہے کہ خیبر کے علاقے تیراہ سے سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کے دوران افغان نیشنل آرمی کا تربیت یافتہ افغان دہشت گرد کو گرفتار کر لیا ہے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے ایڈیشنل آئی جی کے پی عباس احسن نے بتایا کہ گرفتار خارجی کی شناخت حکمت اللہ عرف حمزہ کے نام سے ہوئی ہے، جس کا تعلق افغانستان کے صوبے (بقیہ نمبر 21)

لاہور میں چوری کی وارداتوں میں ملوث میاں بیوی گرفتار

سیف سٹی کیمروں کی مدد سے ملزمان کی شناخت، مختلف تھانوں میں متعدد مقدمات درج

لاہور (این این آئی) لاہور میں چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث میاں بیوی سیف سٹی کیمروں کی مدد سے گرفتار کر لیے گئے۔ ترجمان سیف سٹیز کے مطابق ملزم میاں بیوی اقبال ٹاؤن، اچھرہ، سمن آباد اور ملت پارک میں چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث تھے، سیف سٹی ورچوئل پٹرولنگ افسران نے مختلف وارداتوں کی فوٹیجز سے ملزمان کی ٹریسنگ (بقیہ نمبر 22)

ڈپٹی کمشنر مری کا شہر کا دورہ، صفائی کے انتظامات کا جائزہ

کوڑا کرکٹ کی بروقت تلفی کی ہدایت، غفلت برتنے والے عملے کے خلاف سخت کارروائی کا حکم

ملکۂ کوہسار کی خوبصورتی اور ماحولیاتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، آغا ظہیر عباس شیرازی

مری (این ای این) وزیرِ اعلیٰ پنجاب کے وژن "ستھرا پنجاب" کو عملی جامہ پہنانے اور ملکۂ کوہسار مری کو سرسبز و شاداب اور پاکیزہ ماحول فراہم کرنے کے لیے ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے شہر کے مختلف اہم علاقوں، شاہراہوں اور سیاحتی مقامات کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کا بنیادی مقصد شہر میں صفائی ستھرائی کی مجموعی صورتحال اور متعلقہ اداروں کی کارکردگی کا براہِ راست جائزہ لینا تھا۔ تفصیلات کے مطابق، دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر مری نے صفائی کے نظام کا باریک بینی سے معائنہ کیا اور مختلف پوائنٹس پر موجود سولڈ (بقیہ نمبر 9)

سرگودھا ریجن میں عوامی آگاہی مہم اور روڈ سیفٹی اقدامات کو تیز کر دیا گیا

سرگودھا (این این آئی) سموگ کے بڑھتے ہوئے اثرات کے پیشِ نظر سرگودھا ریجن میں عوامی آگاہی مہم اور روڈ سیفٹی اقدامات کو تیز کر دیا گیا۔ زرائع کے مطابق ایس پی ہائی وے پٹرولنگ فرخ سہیل سندھو نے چک 67 شمالی کا دورہ کر کے پی ایچ پی کمیونٹی کمیٹی کے ممبران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سموگ کے موسم میں حدِ نگاہ متاثر ہونے کے باعث ٹریفک حادثات کے خدشات بڑھ جاتے ہیں۔ اس لیے شہریوں کو فوگ لائٹس کے استعمال، (بقیہ نمبر 23)


پاسپورٹ میں ردوبدل کر کے سابقہ سنڑی ریکارڈ چھپانے کی کوشش کرنے والا ملزم ایف آئی اے کی تحویل میں ہے۔

گوجر خان میں نجی طبی مراکز کا بڑھتا کاروبار، شہری حلقوں کا آڈٹ کا مطالبہ

بورڈز پر درج سپیشلسٹ ڈاکٹروں کی ڈگریوں، موجودگی اور پرچیوں پر ذاتی مہر لگانے کی پابندی یقینی بنائی جائے

نجی ہسپتالوں میں پارکنگ انتظامات، لیبارٹری معیار، مستند فارماسسٹ اور عملے کی اسناد کی جانچ کی جائے

راولپنڈی ہیلتھ اتھارٹی و صوبائی ادارے 5 سالہ شہری انسپکشن کا ریکارڈ پبلک کر کے معیاری مراکز کی نشاندہی کریں

محکمانہ کارروائیاں دیہات تک محدود رکھنے کے بجائے گوجر خان شہر میں فیسوں کے تعین اور بے ضابطگیوں کا سدباب کیا جائے

گوجر خان (قمر شہزاد) گوجر خان شہر اور گردونواح کی گلی محلوں میں تیزی سے پھیلتے ہوئے نجی ہسپتالوں، میٹرنٹی ہومز، سی ٹی سکین و ایکس رے سینٹرز، الٹراساؤنڈ ڈیپارٹمنٹس، لیبارٹریز اور میڈیکل اسٹورز کے کاروباری جال پر عوامی و سماجی حلقوں نے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے اسے ایک سنگین عوامی مسئلہ قرار دیا ہے۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ جدید طبی سہولیات کا قیام خوش آئند سہی، مگر محض مراکز کی تعداد بڑھانا کافی نہیں بلکہ سرکاری ایس او پیز پر صد فیصد عملدرآمد یقینی بنانا بھی ناگزیر ہے۔ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا کہ گزشتہ چار سے پانچ سالوں کے دوران پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن، ڈریپ، ڈی ایچ او، ڈی ڈی ایچ او، ڈرگ انسپکٹرز اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی راولپنڈی کی اسپیشل ٹیموں کی کارکردگی کا ریکارڈ منظرِ عام پر لایا جائے اور واضح کیا جائے کہ گوجر خان سٹی کے اندر موجود طبی مراکز کی فنی اسپیکشنز ہوئیں، کتنے فیصد ادارے معیار پر پورا اترے اور کتنے مراکز کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی، یا پھر صرف مضافاتی دیہاتوں میں کارروائیاں (بقیہ نمبر 12)

ویڈیو بنا کر کسی کو تھپڑ مار دینا انصاف نہیں، حسن مرتضیٰ

وزیراعلیٰ کا ذاتی طور پر انصاف کرنا غیر قانونی اور غیر آئینی ہے، سینئر رہنما پیپلز پارٹی

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ نے کہا ہے کہ ویڈیو بنا کر کسی کو تھپڑ مار دینا انصاف نہیں، وزیراعلیٰ کا ذاتی طور پر انصاف کرنا غیر قانونی اور غیر آئینی ہے، انصاف صرف عدالتوں کے ذریعے ہونا چاہیے اور اگر حکومت نے تھپڑ بدلے تھپڑ، ٹانگ کے بدلے ٹانگ اور زبان کے بدلے زبان کا اعلان کیا ہے تو پھر ہمیں گردن کے بدلے بھی تو کوئی چیز دینی چاہیے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ہمیں بینظیر بھٹو اور لیاقت علی خان کے قتل کا انصاف چاہیے، پنجاب میں ایک ایک دھماکے میں (بقیہ نمبر 27)

صدر کے قافلے کی گاڑی ٹھٹھہ میں خراب ہونے کا انکشاف

ناکارہ اور خراب گاڑی صدارتی قافلے میں کیسے شامل ہوئی؟، رپورٹ

کراچی (این این آئی) صدر پاکستان کے دورہ ٹھٹھہ کے دوران صدارتی قافلے میں شامل گاڑی خراب ہونے کے واقعے کی اعلیٰ سطح پر تحقیقات کا حکم دے دیا گیا۔ اس حوالے سے آئی جی سندھ نے 3 رکنی کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ آئی جی سندھ کے حکم پر تشکیل دی گئی انکوائری کمیٹی کے چیئرمین ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان مقرر کیے گئے ہیں جبکہ ڈی آئی جی لاجسٹکس زبیر ڈرینگ اور ڈی آئی جی فنانس تنویر عالم اوڈھو بھی کمیٹی میں شامل ہیں۔

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ

ہم سے بنوایں.

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035